WATTAN
The Urdu Daily
روزنامہ
وطن
بڈگام

بدھوار
04 جون 2025
WEDNESDAY
04 JUNE -2025

صفحہ 08 کلاسن کا بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

صفحہ 08 خواتین عالمی کپ کرکٹ کے شیڈول کا اعلان

■ جلد: 15 ■ شمارہ نمبر: 130 ■ صفحات: 08 ■ قیمت: 02 روپے ■ | ■ RNI No. JKURD/2011/37141 ■ | The Urdu Daily WATTAN Budgam

وزیر اعظم کے ہاتھوں کٹڑا سے سرینگر تک ریل سروس کا افتتاح

لیفٹننٹ گورنر نے تیاریوں کا لیا جائزہ

یہ سال 2047 تک ترقی یافتہ ملک بننے کے راستے پر اٹھنے والے ہندوستان کی علامت/منوج سنہا

سرینگر/03 جون/سی این آئی//06 جون کو وزیر اعظم نریندر مودی کے ہاتھوں کٹڑا سے سرینگر تک ریل سروس کا افتتاح کرنے سے قبل لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے راج بھون سرینگر میں تیاریوں سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی ۔سی این آئی کے مطابق وزیر اعظم نریندر مودی کے ہاتھوں دنیا کے سب سے اونچے ریلوے پل چناب پل کا افتتاح کرنے اور کشمیر کو کنیا کماری سے جوڑنے والی وندے بھارت ٹرین سروس کے افتتاح سے قبل لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے راج بھون سرینگر میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ میں چیف سیکرٹری اٹل ڈولو، پولیس سربراہ نلین پربھات، آنند جین، اے ڈی جی پی آرمڈ، رمیش کمار، ڈویژنل کمشنر جموں، شری بھیم سین ٹوٹی،/102

ہندوستان سب سے زیادہ دہشت گردی کا شکار رہا ہے. سی ڈی ایس انیل چوہان

سرینگر//03 مئی//روی ا و آئی//چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انیل چوہان نے منگل کے روز کہا کہ ہندوستان سب سے زیادہ دہشت گردی کی کارروائیوں کا شکار رہا ہے، تقریباً 20,000 لوگ مارے گئے ہیں۔وائس آف انڈیا کے مطابق پاکستان نے ہندوستان کے خلاف ایک دیرینہ، دشمنانہ رویہ اپنایا ہے جس کی جڑیں "ہزار سالہ جنگ" کے نظریے سے جڑی ہیں، جس کا اظہار پہلی بار اس کے سابق وزیر اعظم اور صدر ذوالفقار علی بھٹو نے 1965 میں کیا تھا۔1965 میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے خطاب میں/101

لیفٹیننٹ گورنر کی کھیر بھوانی میلے میں شرکت

عقیدت مندوں سے بات چیت

امرناتھ یاترا کیلئے تمام تیاریاں مکمل، سیکورٹی انتظامات کو بھی حتمی شکل: منوج سنہا

گاندربل //۳، جون//جے کے این ایس//لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے منگل کو کہا کہ کھیر بھوانی مندر میں عقیدت مندوں کا بڑا اجتماع 22 اپریل کے بعد اس طرح کا پہلا اہم اجتماع ہے۔خبر رساں ایجنسی جے کے این ایس کے مطابق، کھیر بھوانی مندر میں حاضری دینے اور یہاں پوجا کیساتھ امن، ترقی، سلامتی اور خوشحالی کیلئے دعائیں کرنے کے بعد تُلمولہ گاندربل میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ میلہ کھیر بھوانی میں شرکت کے لیے عقیدت مند بڑی تعداد میں آئے ہیں، یہ ایک اچھی علامت ہے اور 22 اپریل کے بعد یہ پہلا موقع ہے کہ کسی جگہ اتنی بھیڑ جمع ہوئی ہے۔عقیدت مندوں کا استقبال کرتے ہوئے، لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے یقین دلایا کہ انتظامیہ نے ہموار انتظامات کو یقینی بنایا ہے۔انہوں نے کہا کہ انتظامیہ نے میلے کے لیے اچھے انتظامات کیے ہیں۔یاتری نواس پر بھی کام جاری ہے۔3 جولائی سے شروع ہونے والی سالانہ امرناتھ یاترا کے بارے میں منوج سنہا نے کہا/103

حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی رحمت اللہ علیہ، کا سالانہ عرس

پورے کشمیر میں عقیدت واحترام سے منایا گیا

سب سے بڑی تقریب خانقاہ معلی سرینگر میں منعقد، ہزاروں عقیدت مندوں نے آستان عالیہ پر حاضری دی

سرینگر//03 مئی//روی ا و آئی//حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی رحمت اللہ علیہ؎ کے سالانہ عرس کی اختتامی تقریبات کے سلسلے میں پوری وادی میں شب خوانی اور درود واذکار کی روح پرور مجالس میں عقیدتمندوں کی بھاری تعداد نے شرکت کی جبکہ سب سے بڑی تقریب خانقاہ معلی سرینگر میں منعقد ہوئی جہاں پر حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی رحمت اللہ علیہ؎ کے آستان عالیہ پر ہزاروں عقیدت مندوں نے حاضری دی۔ وائس آف انڈیا کے مطابق حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی رحمت اللہ علیہ کے سالانہ عرس کی اختتامی تقاریب کے موقعے پر ہر سال کی طرح اس بار بھی اہل وادی نے جوش وخروش اور عقیدت و احترام کا بھرپور مظاہرہ کیا۔/106

کورونا کے معاملات میں تیزی، 24 گھنٹوں میں 5 اموات

سرینگر//03 مئی//روی ا و آئی//ملک میں کورونا وائرس کے نئے کیسز میں اضافہ جاری ہے۔ 24 گھنٹوں میں 5 مریض جان کی بازی ہار گئے، جبکہ فعال کیسز کی تعداد 4026 ہوگئی۔ نیا ویریئنٹ این بی 1.8.1. تیزی سے پھیل رہا ہے۔ وائس آف انڈیا کے مطابق ہندوستان میں کورونا وائرس کے معاملات ایک بار پھر تیزی سے بڑھنے لگے ہیں۔ مرکزی وزارت صحت کے مطابق، ملک بھر میں فعال کورونا کیسز کی تعداد 4,026 تک پہنچ چکی ہے، جو تشویش کا باعث ہے۔پچھلے 24 گھنٹوں کے/105

ہندوستان پاکستان کو اپنا حصہ نہیں بنانا چاہتا

بلکہ خوف کے بغیر اپنے لوگوں کی امن اور خوشحالی کا متمنی ہے/ششی تھرور

سرینگر// 03 جون // سی این آئی //ہندوستان پاکستان کو اپنا حصہ نہیں بنانا چاہتا بلکہ سرحد پار دہشت گردی کے خوف کے بغیر اپنے لوگوں کی امن اور خوشحالی چاہتا ہے کی بات کرتے ہوئے کانگریس کے رکن پارلیمنٹ ششی تھرور نے کہا کہ اگر آئی ایم ایف کے فنڈس دہشت گردی کی حمایت میں پاکستان کی مدد کرتے ہیں تو یہ بدقسمتی ہے۔سی این آئی مانیٹرنگ ڈیسک کے مطابق آپریشن سندھور کے بارے میں اقوام عالم کو باخبر کرنے کیلئے کل جماعتی بھارتی پارلیمانی وفد جو فی الحال برازیل کا دورہ کر رہا ہے۔ برازیل کے اعلیٰ حکام کے ساتھ ملاقاتوں کا ایک بہترین اور انتہائی نتیجہ خیز سلسلہ قرار دیا گیا ہے، جس میں دہشت گردی کے خلاف ہندوستان کی زیرو ٹالرنس کی پالیسی اور آپریشن سندھور کی اہمیت پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔اس دوران کانگریس کے رکن پارلیمنٹ ششی تھرور کی قیادت میں وفد نے اس بات کی تصدیق کی کہ ہندوستان پاکستان کو اپنا حصہ نہیں بنانا چاہتا بلکہ سرحد پار دہشت گردی کے خوف کے بغیر اپنے لوگوں کی امن اور خوشحالی چاہتا ہے۔بارہوں نے پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے بعد ہندوستان کیلئے برازیل کی حمایت کی تصدیق کی۔ ملاقات کے دوران تھرور نے دہشت گردی کو پناہ دینے اور اسے فروغ دینے پر پاکستان پر کڑی تنقید کی۔اس موقعہ پر تھرور نے کہا ''ہم پاکستان پر دوبارہ قبضہ نہیں کرنا چاہتے یا اسے دوبارہ ہندوستان کا حصہ نہیں بنانا چاہتے ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ہم ترقی کرنے اور خوشحالی اور اپنے لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے تنہا چھوڑنا چاہتے ہیں۔یہ صدیوں کی/104

تارکین وطن پنڈتوں کی خواہش

اپنی جنم بھومی کشمیر واپس لوٹنا چاہتے ہیں

حکومت ٹھوس اور سنجیدہ اقدامات اٹھائے

اننت ناگ//۳، جون//جے کے این ایس//جنوبی کشمیر کے ضلع اننت ناگ میں لوکی پورہ علاقے میں واقع 'ماتا کھیر بھوانی مندر' میں کشمیری پنڈتوں نے جوش و خروش کیساتھ مذہبی تہوار میں شرکت کی۔ جے کے این ایس کے مطابق ایک نجی نیوز چینل کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گرچہ کھیر بھوانی میلہ وسطی کشمیر کے تولہ مولہ گاندربل میں صدیوں سے منایا جارہا ہے تاہم گزشتہ 15 برس سے کشمیری پنڈتوں نے یہاں بھی اس میلہ کا اہتمام شروع کیا۔منگل کو مقامی مسلم برادری نے کشمیری پنڈت عقیدت مندوں کا والہانہ خیر مقدم کیا اور سیکورٹی، صفائی، کھانے پینے اور آمد ورفت کے انتظامات میں پیش پیش رہے۔تقریب میں شریک مذہبی وسماجی رہنماؤں نے کشمیری پنڈتوں اور مسلمانوں کے درمیان دیرینہ بھائی چارے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو سراہا۔پنڈتو عقیدت مندوں نے پوتر چشمے پر پوجا پاٹ کی اور کھیر آرپن کرکے دیرپا امن اور خوشحالی کی دعائیں/107

میلہ کھیر بھوانی اور عرس حضرت ہمدانی ایک ساتھ

فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی علامت

یاتری اور سیاح جوق در جوق کشمیر آئیں: ڈاکٹر فاروق

سری نگر//۳، جون//جے کے این ایس//نیشنل کانفرنس کے سربراہ فاروق عبداللہ نے منگل کو کھیر بھوانی میلہ اور حضرت میر سید علی ہمدانی کے عرس دونوں کی تقریبات کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے کشمیر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی علامت قرار دیا۔انہوں نے قومی ترقی کے لیے اتحاد کی اہمیت پر زور دیا۔ جے کے این ایس کے مطابق فاروق عبداللہ نے نیوز ایجنسی اے این آئی سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ خوشی کی بات ہے کہ آج کھیر بھوانی کا میلہ اور حضرت میر سید علی ہمدانی کا عرس منایا جارہا ہے، وادی میں ہمیشہ سے بھائی چارہ رہا ہے، ہم اس بھائی چارے کو پورے ملک میں دیکھنا چاہتے ہیں، اگر ہم متحد رہیں گے تو ترقی کریں گے۔کھیر بھوانی میلہ کشمیری پنڈت برادری کے لیے ایک اہم سالانہ مذہبی تہوار ہے۔یہ گاندربل/108

جموں وکشمیر میں دہشت گردی سے

تعلق کے الزام میں 3 سرکاری ملازمین برطرف

سرینگر// 03 مئی//روی ا و آئی//جموں کشمیر سرکار نے مزید تین سرکاری ملازمین جن بشمول ایک پولیس اہلکار کو مبینہ طور پر دہشت گرد جماعتوں کے ساتھ کام کرنے کے الزام میں نوکری سے برطرف کردیا ہے۔بتایا جاتا ہے کہ تینوں اہلکار اس وقت نظر بند ہے جن کے خلاف مختلف دفعات کے تحت کیس چل رہا ہے۔ وائس آف انڈیا کے مطابق جموں وکشمیر حکومت نے منگل کو 3 سرکاری ملازمین کو لشکر طیبہ (ایل ای ٹی) اور حزب المجاہدین (ایچ ایم) دہشت گرد تنظیموں کے لیے مبینہ طور پر کام کرنے پر برطرف کردیا۔ذرائع نے بتایا کہ تین برطرف ملازمین، جو جیل میں ہیں، ملک اشفاق نصیر، ایک پولیس کانسٹیبل شامل ہیں۔محکمہ سکول ایجوکیشن میں استاد اعجاز احمد۔اور وسیم احمد خان، گورنمنٹ میڈیکل کالج سری نگر میں جونیئر اسسٹنٹ کے بطور کام کررہے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ لیفٹیننٹ گورنر کے ذریعے برطرف کیے گئے سرکاری ملازمین دہشت/109

بندوقیں امن کے حصول کا حل نہیں ہوسکتیں

ایک سیاسی عمل ہونا چاہیے: محبوبہ مفتی

تولہ مولہ//۳، جون//جے کے این ایس//پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی سربراہ محبوبہ مفتی نے منگل کو کہا کہ جموں وکشمیر میں کوئی بھی سیاسی عمل وادی میں کشمیری پنڈتوں کی باوقار واپسی کے بغیر نامکمل ہے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ بندوقیں امن کے حصول کا حل نہیں ہوسکتیں۔ جے کے این ایس کے مطابق پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے منگل کو تولہ مولہ گاندربل کا دورہ کرکے یہاں میلہ کھیر بھوانی میں شامل پنڈتوں کیساتھ ملاقات کی۔انہوں نے/110

سالانہ میلہ کھیر بھوانی میں سینکڑوں مقامی اور مہاجر کشمیری پنڈتوں کی پُر جوش شرکت

تولہ مولہ میں مذہبی رواداری کی شمع فروزاں

مسلم گھرانے بنے پنڈتوں کے میزبان، مندر میں خصوصی پوجا اور دعاؤں کا اہتمام

سری نگر//۳، جون//جے کے این ایس//منگل کے روز ضلع گاندربل کے تولہ مولہ علاقے میں واقع تاریخی کھیر بھوانی مندر میں سالانہ میلہ منایا گیا، جس میں سینکڑوں کشمیری مقامی اور تارکین وطن پنڈتوں نے مذہبی جوش وخروش کیساتھ شرکت کی جبکہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی/111

جنوبی کشمیر کے کئی علاقوں میں قہر انگیز ژالہ باری، شاہ دانہ سمیت مختلف میوہ جات تباہ

میوہ جات زمین بوس، فصلیں اور سبزیاں ملیا میٹ

ترال اور شوپیان میں چیری سمیت 60 سے 70 فیصد میوہ جات اور فصلیں تباہ: متاثرین

سری نگر//۳، جون//جے کے این ایس//ترال اور شوپیان سمیت جنوبی کشمیر کے کئی علاقوں میں پیر کی شام شدید ژالہ باری نے قہر برپا کردیا۔اچانک اور شدید ژالہ باری کے نتیجے میں پلوامہ اور شوپیان کے مختلف علاقوں میں سیب، چیری (شاہ دانہ) اور دیگر فصلیں تباہ ہوگئیں۔ جے کے این ایس کو ملی تفصیلات کے مطابق پیر کی شام شدید ژالہ باری سے متاثرہ ہونے والے علاقوں میں وڑی پورہ، ناگہ بل، آشٹی پورہ اور ان کے مضافاتی گاؤں شامل ہیں، جہاں ژالہ باری نے چند منٹوں میں میوہ جات اور فصلوں کو ملیامیٹ کردیا۔اُدھر ترال سمیت جنوبی کشمیر کے دیگر کئی علاقوں میں بھی پیر کی شام شدید اور طوفانی ژالہ باری نے میوہ باغات اور کھیتوں میں قہر برپا کردیا، کیونکہ کچھ منٹ تک جاری رہنے والی شدید ژالہ باری کے دوران گرنے والے اولوں نے درختوں پر تیار چیری (شاہ دانہ) کیساتھ ساتھ سیب اور دیگر میوہ جات کو پتوں سمیت زمین بوس کردیا اور ساتھ ہی شدید ژالہ کی وجہ سے کھیتوں میں بوئی گئی دھان کی فصل اور سبزیاں بھی ملیامیٹ ہوکر رہ گئیں۔متاثرہ علاقوں کے زمیندار، کاشتکار اور باغ مالکان اپنی فصلوں کی حالت دیکھ کر اشکبار/112

The Urdu Daily
WATTAN
وطن

اسرائیلی جارحیت اور فلسطینیوں کی جرت

تحریر۔۔۔
حسیب اصغر

دنیا کے سب سے جدید ترین ٹیکنالوجی اور اسلحہ سے لیس ایٹمی طاقت اور دنیا کے نظام کو درپردہ چلانے کے دعویدار چار گھنٹوں کے دوران ان فلسطینی مجاہدین سے ذلت آمیز شکست کھا گئے کہ جن کے پاس کھانے کو مکمل خوراک بھی نہیں۔

مٹھی بھر مزاحمت کاروں نے مشرق وسطیٰ میں بدمعاشی مچانے والے اسرائیل کو ایسی نکیل ڈالی کہ جس کی پشت پر جرمنی، فرانس، اٹلی، امریکا اور برطانیہ جیسی طاقتیں موجود تھیں، حتیٰ کہ خود اقوام متحدہ جس چھوٹے سے ناجائز ملک کے سامنے بے بس نظر آتی ہے لیکن چند سو فلسطینی مزاحمت کاروں نے اس غیر قانونی صہیونی ریاست اسرائیل کو زمین، سمندر، فضا حتیٰ کہ بین القوامی سطح پر بھی شکست فاش سے ہمکنار کیا کہ اب اسرائیل کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں اور اپنی خفت مٹانے کیلیے آرٹیفیشل انٹیلی جنس کا سہارا لے کر بچوں اور خواتین کی سر بریدہ لاشیں بنا کر اور انتہائی بربریت کی تصاویر تیار کر کے عالمی سطح پر حمایت حاصل کرنے کی ناکام کوششیں کر رہا ہے۔

یہ سچ ہے کہ چند سو فلسطینی مزاحمت کاروں نے اسرائیل کی قسمت میں اب کبھی نہ مٹنے والی ذلت لکھ دی۔ سات اکتوبر کو صبح پانچ بجے حماس کے جانبازوں نے اسرائیل پر تینوں محاذوں سے ایسا حملہ کیا کہ عالمی سطح پر خود کو ناقابل تسخیر قرار دینے والے صہیونی ملک کو چاروں خانے چت کر دیا۔ مزاحمت کاروں نے غزہ کے بارڈر سے ملحقہ باڑ، جس کو اسرائیلی سمجھتے تھے کہ حماس کیا دنیا کی کوئی دوسری جدید ترین فوج بھی آسانی سے پار نہیں کر سکتی اور ان کا ایسا سمجھنا خیر درست بھی تھا کیونکہ وہاں سیکیورٹی کے انتظامات ہی اس معیار کے تھے۔ وہاں پہلے ایک آہنی باڑ، پھر موشن سینسر، کیمرے، کنکریٹ کی دیوار، جو 14 سے 16 فٹ تک گہرائی میں بنائی گئی تھی، اس کے بعد فوجی پٹرولنگ کیلیے بنایا گیا روڈ اور پھر اس کے بعد مانیٹرنگ ٹاورز اور اس کے بعد فوجی چوکیاں موجود تھیں۔

اس قدر سخت انتظامات کے بعد اسرائیلیوں کا اطمینان جائز بھی تھا۔ ان تمام کے بعد ان کا عالمی غرور ان کی بدنام زمانہ خفیہ ایجنسی موساد، جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ کسی بھی ملک میں گھس کر اپنا ہدف حاصل کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتی، لیکن ہوا کیا؟

گزشتہ ساڑھے سولہ سال سے بدترین معاشی ناکہ بندی کا شکار مقبوضہ فلسطین کے محصور شہر غزہ کے مٹھی بھر جنگجوؤں نے اس عالمی بدمعاش کا غرور ایسے خاک میں ملا دیا کہ اسرائیل کو اب تک سمجھ میں نہیں آرہا ہے کہ وہ اس پر ردعمل کیا دے اور اسی ذلت کے احساس میں اسرائیل نے غزہ پر وحشیانہ بمباری شروع کی۔ اسرائیل نے غزہ پر 10 روز میں دس ہزار بم گرائے۔ یہاں یہ بات بتاتا چلوں کہ افغانستان میں امریکا نے اتنے بم ایک سال میں اور شام کی جنگ میں تمام نیٹو ممالک نے 2011 سے 2020 تک 7 ہزار 700 بم گرائے تھے لیکن اسرائیل نے اپنی ذلت آمیز شکست کو چھپانے اور اپنی خفت مٹانے کیلیے صرف 10 روز کے دوران 10 ہزار کے قریب بم گرائے۔ اسرائیل اپنی بربریت میں اتنا آگے بڑھ گیا کہ اس نے اسپتالوں تک کو نشانہ بنانے سے گریز نہیں کیا۔ لیکن اس کے باوجود اسرائیل اس جذبے کو شکست دینے میں مکمل طور پر ناکام ہو گیا۔

اسرائیل مغربی ایشیا کا سب سے تیزی سے ترقی کرنے والا ترقی یافتہ ملک ہے، جس کے پاس دنیا میں 17 ویں سب سے زیادہ غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر ہیں اور مشرق وسطیٰ میں فی کس مالیاتی اثاثوں کے لحاظ سے دنیا بھر میں 10 واں ملک ہے۔ غیر قانونی صہیونی ریاست کی معیشت ویسے تو ٹیکنالوجی کے ساتھ ساتھ دیگر شعبہ جات میں بھی منفرد مقام رکھتی ہے لیکن یہ ملک پوری دنیا میں اسلحہ پروڈکشن اور سپلائی میں نواں سب سے بڑا ملک ہے۔ اسلحے کی فروخت اسرائیل کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ صہیونی ریاست کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ اس میں مشرق وسطیٰ میں سب سے زیادوہ ارب پتی شخصیات موجود ہیں۔ گزشتہ چند سال میں صہیونی ریاست نے ترقی یافتہ ممالک میں سب سے زیادہ جی ڈی پی کی شرح نمو حاصل کی ہے۔

ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کی معیشت پر نظر رکھنے والے عالمی جریدے دی اکانومسٹ نے 2022 میں غیر قانونی صہیونی ریاست کو ترقی یافتہ ممالک میں چوتھی کامیاب ترین معیشت قرار دیا تھا۔ بین الاقوامی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف نے 2023 میں غیر قانونی صہیونی ریاست کی جی ڈی پی 564 بلین امریکی ڈالر اور اس کی فی کس جی ڈی پی 58,270 امریکی ڈالر (دنیا میں 13 ویں سب سے زیادہ) کا تخمینہ لگایا تھا۔ اسرائیل کو 2010 میں اقتصادی تعاون اور ترقی کی تنظیم (OECD) میں شامل ہونے کی دعوت دی گئی تھی۔

اسرائیل نے امریکا، یورپی یونین، یورپی فری ٹریڈ ایسوسی ایشن، میکسیکو، ترکی، یوکرین، کینیڈا، مصر اور اردن کے ساتھ بھی آزاد تجارتی معاہدے کیے ہیں۔ صہیونی ریاست 2007 میں، پہلا غیر لاطینی ۔ امریکی ملک بن گیا جس نے مرکوسور تجارتی بلاک کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدے پر دستخط کیے۔ یہاں یہ تفصیلات بتانے کا مقصد یہ ہے کہ اسرائیل اگر خود کو ناقابل تسخیر قرار دیتا ہے تو اس میں وہ خصوصیات اور صلاحیتیں موجود ہیں جس کی بنیاد پر کسی ملک کو ناقابل تسخیر قرار دیا جاسکتا ہے۔

اسرائیل دنیا میں وار ٹیکنالوجی، اسٹریٹجک ٹیکنالوجی اور جاسوسی کی ٹیکنالوجی کے حوالے سے بھی پہلے نمبر پر آتا ہے جو پوری دنیا کو اپنی یہ ٹیکنالوجی انتہائی مہنگے داموں فروخت کرتا ہے۔

اسرائیل کے معروف اخبار ٹائمز آف اسرائیل کی رپورٹ کے مطابق صہیونی ریاست کی اسلحہ سے حاصل برآمدات کی آمدنی عالمی کل کا 2.4 فیصد بنتی ہے، جس کے وصول کنندگان میں بھارت، آذربائیجان اور ویتنام سرفہرست ہیں۔

اسٹاک ہوم انٹرنیشنل پیس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کی تازہ ترین رپورٹ، جس میں 2017 سے 2021 تک ہتھیاروں کی تجارت کی پیمائش کی گئی، کہا گیا ہے کہ یورپ کو ہتھیاروں کی تجارت میں اضافہ ہوا، خلیجی ریاستیں درآمد کنندگان میں سب سے آگے ہیں اور اسرائیل ان کو ہتھیار فروخت کرنے والا سب سے بڑا ملک ہے۔

سات اکتوبر 2023 سے پہلے اسرائیل دنیا میں ایک غیر معمولی صلاحیتوں کا ملک مانا جاتا تھا اور اس کی معیشت ان ٹیکنالوجی کی فروخت پر منحصر تھی، اس کی قلعی حماس کے چند سو جنگجوؤں نے کھول دی ہے۔

اس تمام تر ٹیکنالوجی کے ساتھ امریکا سمیت مغربی دنیا کی غیر معمولی حمایت کے باوجود غزہ کے محصور فلسطینیوں نے محض چار گھنٹوں کے دوران دنیا کے سامنے اسرائیل کی شان وشوکت کو بری طرح تباہ کر دیا۔ یہاں فلسطینیوں کے ہاتھوں اس دس دن کے دوران ہونے والے ناقابل تلافی نقصان کی مختصر تفصیلات دینا ضروری سمجھتا ہوں۔

حماس کے 15 سو کے قریب جانبازوں نے غیر قانونی صہیونی ریاست پر حملہ کیا جن کے پاس صرف مشین گنز تھیں، حماس کے عسکری ونگ شہید عزالدین القسام بریگیڈ نے مسجد اقصیٰ کی مسلسل بے حرمتی اور مسجد اقصیٰ کو ڈھائے جانے کی صہیونی سازش اور مغربی کنارے سمیت غزہ میں نہتے فلسطینیوں کو قتل کرنے کے ساتھ ساتھ بغیر کسی جرم کے انتظامی حراست کی غیر قانونی پالیسی کے تحت برسوں کیلیے قید کرنے کے خلاف طوفان الاقصیٰ آپریشن کا اعلان کیا اور سات اکتوبر 2023 کو صبح پانچ بجے القسام بریگیڈ کے جانبازوں نے غیر قانونی صہیونی ریاست اسرائیل پر تین محاذوں، فضا، زمین اور سمندر کے راستے حملہ کر دیا۔

اس آپریشن میں القسام کے جانبازوں نے اب تک کی معلومات کے مطابق 300 اسرائیلی فوجیوں سمیت 1900 صہیونی آبادکاروں کو جہنم واصل کیا۔ اب تک بہت سے فوجی لاپتہ اور بہت سے شدید زخمی ہیں، جس کے بعد اسرائیلی فوج کا جانی نقصان 500 سے تجاوز کر کے بتایا جارہا ہے۔ پانچ ہزار کے قریب فوجی اور صہیونی آبادکار زخمی ہیں۔ امریکی، برطانوی اور فرانسیسیوں سمیت 250 کے قریب اسرائیلی فوجی اور اسرائیلی شہری مجاہدین کی قید میں، جن میں 64 فوجی اور 13 اعلیٰ درجے کے فوجی افسر بتائے جارہے ہیں۔ مجاہدین کی جانب سے اب تک صہیونی ریاست میں 10000 کے قریب راکٹ فائر کیے جاچکے ہیں جس نے ایشدود، حیفا، سدیروت، اسقلان، تل ابیت اور یروشلم کو بے تحاشا نقصان پہنچایا ہے۔ اسرائیل کے مرکزی ایئرپورٹ بین گوریان کو بھی نشانہ بنایا گیا جس کے بعد فی الحال ایئرپورٹ کو بند کر دیا گیا۔

مزاحمت کاروں کے حملوں کے باعث چھ لاکھ کے قریب اسرائیلی شہری غیر قانونی صہیونی بستیوں کو چھوڑ گئے۔ ان میں سے زیادہ تر یا تو اپنے گھروں سے محروم ہو گئے ہیں یا پھر حماس کے راکٹوں سے بچنے کیلیے اپنے گھروں کو چھوڑ کر شیلٹر ہاؤس میں رہنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ محتاط اندازے کے مطابق سابق اسرائیلی وزیراعظم ایہود اولمرٹ سمیت 3 لاکھ اسرائیلی ملک سے فرار ہو چکے ہیں۔

اسرائیلی دفاعی نظام آئرن ڈوم، جس کو اسرائیل صرف مخصوص ممالک کو فروخت کرنے کو تیار تھا اور جس کے حوالے سے کہا جاتا ہے کہ یہ 99 فیصد کامیابی سے اپنے ہدف کو حاصل کرتا ہے، مزاحمت کاروں کے حملوں کے باعث اس کی کارکردگی صرف 19 فیصد رہی جو کہ کسی چھوٹے ترقی پذیر ملک کے دفاعی نظام سے بھی بہت پیچھے ہے۔

القسام کے جانبازوں نے غیر قانونی صہیونی افواج کی چھوٹی بڑی 21 فوجی چھاؤنیاں، 18 فوجی ٹینک، 29 فوجی بکتر بند گاڑیاں اور لبنان وغزہ کی سرحد پر نصب متعدد ریڈار اور سینسر ٹاورز کو مکمل تباہ کر دیا ہے۔ جانبازوں نے صہیونی فوج کے تین فوجی ہیلی کاپٹرز کو بھی تباہ کیا جس میں سے ایک میں 50 فوجی سوار تھے۔ یہ غاصب صہیونی ریاست اسرائیل کے غیر قانونی قیام کے بعد سے اب تک کا سب سے زیادہ جانی ومالی نقصان ہے جو تا حال جاری ہے۔

میں یہاں اسرائیلی افواج کے ہاتھوں غزہ میں ہونے والی وحشیانہ بمباری اور اس کے نتیجے میں ہونے والے جانی اور مالی نقصان کا ذکر نہیں کروں گا، کیونکہ غزہ کا نقصان گزشتہ 70 سال سے روزانہ کی بنیاد پر ہو رہا ہے۔ غزہ مقبوضہ فلسطین کا وہ محصور شہر ہے جہاں 22 لاکھ کی آبادی میں آٹھ لاکھ لوگ بے روزگار ہیں اور باقی تمام آبادی غربت کی لکیر سے بھی نیچے زندگی گزار رہی ہے۔ ایسے مجبور شہر کا ایک ملٹری بیسٹ کے ہاتھوں نقصان ہونا طے ہے لیکن ایسے افراد کے ہاتھوں جن کے پاس دو وقت کی روٹی بھی میسر نہ ہو، ان کے ہاتھوں ایک بہت بڑی فوجی طاقت کو اتنا زبردست نقصان تاریخ میں لکھے جانے کے قابل ہے۔

حماس کے جنگجوؤں کے ہاتھوں تاریخی شکست پر اسرائیل اپنی ہزیمت مٹانے کیلیے دنیا بھر کی جانب سے جنگ بندی اور عام شہریوں کے قتل عام کو فوری طور پر روکے جانے کے مطالبے کو نظر انداز کرتے ہوئے غزہ پر مسلسل بمباری جاری رکھے ہوئے ہے۔ اسرائیل نے غزہ کے شمالی علاقے کے گیارہ لاکھ سے زائد افراد کو 24 گھنٹوں کے دوران اپنے گھروں کو چھوڑ کر جنوبی علاقے میں نقل مکانی کا حکم دیا تھا اور نقل مکانی کرنے والے بچوں اور خواتین پر دانستہ بمباری کر کے ایک بار پھر سنگین جنگی جرائم کا مرتکب ہوا۔ اس بدترین انسانی حقوق کی خلاف وزری کے بعد اسرائیلی نے غزہ پر زمینی حملے کا اعلان کیا۔ آخری اطلاعات تک اسرائیل غزہ میں زمینی حملہ کر کے حماس کو مکمل طور پر ختم کرنے کے عزم کا اعلان کر چکا ہے لیکن دوسری جانب حماس کے عسکری ونگ القسام بریگیڈ نے اسرائیل کو غزہ میں خوش آمدید کہتے ہوئے غزہ میں جلد آنے کی دعوت دی ہے۔

القسام بریگیڈ کے ترجمان ابو عبیدہ نے ایک ویڈیو پیغام میں اسرائیل کو کہا ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ اسرائیلی فوج زمینی راستے کو استعمال کرتے ہوئے غزہ میں داخل ہو تاکہ ہم غزہ کو صھیونی فوج کا قبرستان بناسکیں۔ لیکن گیارہ روز گزر جانے کے باجود اسرائیلی فوج غزہ میں داخل ہونے کی جرآت نہیں کررھی۔

گزشتہ روز امریکا نے القسام کے عزائم کو بھانپتے ہوئے اسرائیل کو غزہ میں زمینی کارروائی سے منع کرتے ہوئے کہا تھا کہ غزہ پر زمینی کارروائی اسرائیل کیلیے نقصان دہ ہوگی اور اب سب ہی جانتے ہیں کہ اسرائیل حماس کو شکست دینے میں مکمل طور پر ناکام ہے۔ اسرائیل نے حماس کو ختم کرنے کیلیے 2008 میں لبنان سے بدترین شکست کھانے کے بعد بھی قسم کھائی تھی، پھر 2011 میں قسم کھائی، پھر 2014 اور 2018 کے بعد بھی کئی ایسے مواقع آئے جس میں اسرائیل نے حماس کو روئے زمین سے ختم کرنے کی قسم کھائی لیکن اس کے بعد آج جس تاریخی شکست کا سامنا کیا ہے امید ہے کہ اسرائیل مستقبل میں حماس سے ٹکرانے کی غلطی نہیں کرے گا۔

حج2025ء: لاکھوں عازمین کی آمد، تمام تیاریاں مکمل، مناسک حج کا آغاز بدھ سے ہوگا

نئی دہلی: (ایم این این): یہاں حج ۲۰۲۵ء کی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں، مقدس فرائض کی ادائیگی کیلئے دنیا بھر سے عازمین کی آمد کا سلسلہ جاری ہے۔ سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے مکہ مکرمہ میں شاندار ملٹری پریڈ ہوئی۔ مناسک حج کا آغاز بدھ ۴ جون سے ہو رہا ہے اور دنیا بھر کے لاکھوں عازمین جمعرات ۵ جون کو حج کا رکن اعظم وقوف عرفات ادا کریں گے۔ سیکورٹی کیلئے ۴۰ ہزار سیکورٹی فورسز کو تعینات کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ روز مکہ مکرمہ میں شاندار ملٹری پریڈ ہوئی جس میں حج کے دوران سیکورٹی برقرار رکھنے کیلئے فورسز نے عملی مظاہرہ کیا۔ سعودی وزیر داخلہ شہزادہ عبدالعزیز بن سعود کے زیر نگرانی ہائی پروفائل ڈسپلے میں ہزاروں فوجی، ہیلی کاپٹروں کے ذریعہ فضائی فلائی اوور اور اشرافیہ کے سیکورٹی یونٹوں کے ذریعہ حکمت عملی کے مظاہرے شامل تھے۔ سعودی وزیر داخلہ نے کہا ہمارے لئے بڑی اعزاز کی بات ہے کہ ہم حج کے موقع پر حفاظت و سیکورٹی کے انتظامات دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے میدان عرفات میں فیلڈ اسپتال کا افتتاح کرتے ہوئے یہ بات کہی ہے۔ یہ اسپتال عمومی انتظامات کی وزارت اور طبی خدمات کی وزارت کی سرپرستی میں شروع کیا گیا ہے۔ اسپتال میں ۱۰۰ بستر ہیں۔ یہ جدید طبی آلات سے لیس ہے اور اس میں انتہائی تجربہ کار اور اسپشلائزڈ ڈاکٹروں کی ٹیمیں ہیں جو فوری و ہنگامی ضرورتوں کے لیے ہمہ وقت تیار ہوں گی۔ اس امر کا اظہار سعودی خبر رساں ادارے ”ایس پی اے“ کی جاری کردہ رپورٹ میں کیا گیا ہے۔ وزیر داخلہ شہزادہ عبدالعزیز نے کہا کہ ایک ایسا اسمارٹ ہیلتھ بریسلٹ سسٹم بھی جاری کیا ہے۔ یہ بھی سیکورٹی سے متعلق حکام کو مدد دے گا۔ جس سے وہ ہمہ وقت متعلقہ حجاج کی صحت کو مانیٹر کرسکیں گے اور ان بریسلٹس کے ذریعہ وزارت داخلہ کے متعلقہ کارکن حکام کو اپ ڈیٹ کرسکیں کہ کس جگہ پر حجاج کو کس قسم کے صحت کے مسائل کا سامنا ہے۔

سعودی عرب میں لیفٹیننٹ جنرل ملازمت سے فارغ، 20 سال قید کی سزا

نئی دہلی: (ایم این این): سعودی عرب میں عدالت نے لیفٹیننٹ جنرل کو ملازمت سے فارغ، 20 سال قید اور 10 لاکھ ریال جرمانے کی سزا سنا دی۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی عدالت نے پبلک سیکیورٹی کے سابق ڈائریکٹر لیفٹیننٹ جنرل خالد بن قرار الحربی کو مجموعی طور پر 20 سال قید کی سزا سنائی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق خالد بن قرار الحربی پر اختیارات کا غلط استعمال کرتے ہوئے عوامی فنڈز میں ہیرا پھیری، جعلسازی اور رشوت لینے کا الزام تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لیفٹیننٹ جنرل خالد بن قرار الحربی کو جرمانے کے طور پر سنائی گئی سزا 10 لاکھ ریال کی رقم حکومتی خزانے میں جمع کرائی جائے گی۔

بنگلہ دیش: کرنسی نوٹوں پر شیخ مجیب الرحمٰن کی تصویر، ہندو اور بدھ مندروں سے بدل دی گئی

نئی دہلی: (ایم این این): بنگلہ دیش کی حکومت نے اتوار کو نئی کرنسی نوٹ جاری کئے ہیں۔ ان نوٹوں میں ملک کے بانی لیڈر شیخ مجیب الرحمٰن کی تصاویر کو ہٹا کر مشہور فن پاروں اور ہندو اور بدھ مندروں کی تصاویر شامل کی گئی ہیں۔ ۱۹۷۱ء میں بنگلہ دیش کے قیام کے بعد سے تمام کرنسی نوٹوں پر ملک کے پہلے صدر شیخ مجیب الرحمٰن کی تصویر نمایاں رہی ہے لیکن نوبل انعام یافتہ محمد یونس کی قیادت میں عبوری حکومت نے گزشتہ سال اعلان کیا تھا کہ بنگلہ دیشی کرنسی کو مرحلہ وار نئے ڈیزائن کے ساتھ تبدیل کیا جائے گا جو ”بنگلہ دیش کی تاریخی اور آثار قدیمہ“ کو نمایاں کریں گی۔ مقامی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق، حکومت کے ذریعے ۱۰۰۰ ٹکا، ۵۰ ٹکا اور ۲۰ ٹکا کے نئے کرنسی نوٹ اتوار کو مارکیٹ میں متعارف کرائے گئے ہیں جن پر ہندو اور بدھ مندروں، مشہور فن پاروں اور تاریخی مقامات کی تصاویر ہیں۔ حکام نے اس ہفتے کے شروع میں اشارہ دیا تھا کہ تمام اقسام کے نوٹوں کیلئے نئے ڈیزائن متعارف کرائے جائیں گے، لیکن عید سے قبل پہلے مرحلے میں صرف ان تین اقسام کے نوٹ شامل ہوں گے۔ نئے ڈیزائن والے نوٹ ابتدائی طور پر بنگلہ دیش بینک کے ڈھاکہ میں واقع مرکزی دفتر سے جاری کئے جائیں گے۔ شیخ مجیب الرحمٰن کی تصویر والے موجودہ نوٹ اور سکے، نئے نوٹوں کے ساتھ گردش میں رہیں گے۔ رپورٹس کے مطابق، نئے نوٹوں پر ہندو اور بدھ مندروں کے علاوہ، مشہور مصور زین العابدین کے فن پاروں اور ۱۹۷۱ء کی جنگ آزادی میں شہید ہونے والوں کی یاد میں قائم نیشنل مارٹرز میموریل کی تصاویر شامل ہوں گی۔ بنگلہ دیش بینک کے ترجمان عارف حسین خان نے خبر رساں ادارے اے ایف پی کو بتایا، ”نئی سیریز اور ڈیزائن کے تحت، نوٹوں پر کسی بھی انسانی شخصیت کی تصویر نہیں ہوگی بلکہ اس کی جگہ قدرتی مناظر اور ملک کے روایتی تاریخی مقامات کو دکھایا جائے گا۔

غزہ جنگ: 24 گھنٹے میں مزید 50 سے زائد فلسطینی شہید

نئی دہلی: (ایم این این):: قابض اسرائیل نے فلسطینیوں کے خلاف اپنی انسانیت سوز نسل کش جنگ کو جاری رکھتے ہوئے پیر کو اس درندگی کے ۶۰۵ دن مکمل کر لئے۔ گزشتہ ۷۰ دنوں سے ایک بار پھر تباہ کن بمباری، محاصرے، قحط اور قتل عام کی نئی لہر جاری ہے، جب سے اسرائیل کے وزیراعظم نیتن یاہو نے جنگ بندی کے معاہدے سے انکار کر دیا۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے نامہ نگاروں کے مطابق قابض اسرائیلی افواج نے آج صبح سویرے سے اب تک غزہ کے مختلف علاقوں پر درجنوں فضائی حملے کیے۔ ۲۴ گھنٹوں کے دوران اسرائیلی حملے میں ۱۵ فلسطینی شہید اور ۳۰۵ زخمی ہوئے ہیں۔ ۷ اکتوبر ۲۰۲۳ء سے اب تک اسرائیلی جارحیت میں ۵۴ ہزار ۴۷۰ فلسطینی شہید اور ایک ۲۴ ہزار ۳۹۶ زخمی ہو چکے ہیں۔ اسرائیلی فوج نے شمالی غزہ میں واقع واحد گردوں کے نورہ الکعبی ہسپتال برائے ڈائیلاسس کو مکمل طور پر تباہ کر دیا۔ یہ ہسپتال شمالی غزہ کے ان تمام علاقوں کے مریضوں کے لیے آخری سہارا تھا، جن میں بیت لاہیہ، بیت حانون، جبالیہ اور ام النصر کی بستی شامل ہیں۔ اس طبی مرکز نے ان علاقوں کے درجنوں مریضوں کو زندگی کی امید دی ہوئی تھی، مگر صہیونی جارحیت نے ان کی امیدوں کو بھی ملبے تلے دفن کر دیا۔ قابض اسرائیل نے اس ہسپتال کو ماضی میں بھی کئی بار نشانہ بنایا تھا، جس کے نتیجے میں ڈائیلاسس کے بیشتر حساس آلات ناکارہ ہو چکے تھے اور آخر میں صرف آٹھ مشینیں کام کر رہی تھیں، لیکن آج کی بمباری میں اس پورے ہسپتال کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا گیا، جس کے ساتھ نہ صرف ایک عمارت گری، بلکہ وہ تمام زندگیاں اور امیدیں بھی ریزہ ریزہ ہو گئیں، جو اس کی بنیادوں سے بندھی تھیں۔ اس سانحہ کے ساتھ ہی قابض اسرائیلی فوج نے غزہ شہر کی متعدد رہائشی عمارتوں پر بھی بمباری کی، جس کے نتیجے میں کئی بیگناہ شہری شہید اور زخمی ہوئے۔ اسرائیلی چیف آف اسٹاف ایال ضمیر نے اتوار کو جنوبی غزہ کے دورے کے بعد غزہ کے اضافی علاقوں میں زمینی حملے کے دائرہ کار کو بڑھانے کا حکم دیا ہے۔ اس کے نتیجے میں اسرائیلی فوج نے غزہ کے تباہ حال فلسطینی علاقوں پر اپنے فضائی حملے تیز کر دیے ہیں۔ ان حملوں میں مختلف جگہوں پر شہری اہداف کو نشانہ بنایا گیا۔ تازہ ترین واقعہ میں دیر البلح شہر کے وسط میں واقع مسجد الانصار کو مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا۔ یہ بات العربیہ کے نمائندے نے آج پیر کے روز بتائی۔ واضح ہو کہ گزشتہ مارچ سے بنیادی غذائی اشیاء کی آمد بند ہونے کے اثرات شدت اختیار کرتے جا رہے ہیں اور غزہ کے مظلوم شہری قحط اور بھوک کی بھیانک تصویر بن چکے ہیں۔ آج کی تازہ صورتحال کے مطابق اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں غزہ کے مختلف علاقوں میں پانچ فلسطینی شہری شہید ہو گئے۔ ان میں وہ معصوم بچہ محمد حسین عقیلان بھی شامل ہے جو دو روز قبل دیر البلح میں اپنے گھر پر ہونے والے بمباری میں شدید زخمی ہوا تھا۔ آج وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ اسی طرح شہری حسام بسام وافی جو کل خان یونس کے مشرق میں شارع صلاح الدین پر امریکی امداد کے منتظر دیگر فلسطینیوں کے ساتھ کھڑا تھا، قابض اسرائیلی فائرنگ کا نشانہ بن کر شدید زخمی ہوا۔

استنبول: روس اور یوکرین کے درمیان جنگ بندی مذاکرات کا دوسرا مرحلہ بے نتیجہ ختم

نئی دہلی: (ایم این این): غیر ملکی میڈیا کے مطابق ترکی کے شہر استنبول میں ہونے والے مذاکرات میں روس اور یوکرین جانب سے قیدیوں کے تبادلے کے حوالے سے اتفاق ہوگیا۔ مذاکرات کے پچھلے راؤنڈ کے بعد یہ طے پایا تھا کہ صلح کے لیے ممکنہ شرائط پر مبنی میمورنڈم دستاویز کا تبادلہ کریں گے۔ روسی میڈیا کا کہنا تھا کہ روس کی جانب سے جنگ بندی کے لیے 2 ممکنہ آپشنز دستاویز کا حصہ بنائے گئے ہیں۔ روس کی جانب سے پیش کی گئی دستاویز میں کہا گیا ہے یوکرین کی فوج یوکرین سے مکمل انخلا کرے جن پر روس نے 2022 قبضہ کیا ہے۔ روس کی جانب سے دوسری شرط میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ یوکرین کو ملنے والی تمام انٹیلی جنس، تمام تر غیر ملکی امداد کو روکا جائے اور یوکرین کی فوج کو ختم کر دیا جائے۔ یوکرین نے روس کی جانب سے عائد دی گئی شرائط کو یہ کہہ کر مسترد کر دیا ہے

روس اگلے 4 سال میں نیٹو پر حملہ کرسکتا ہے: جرمن دفاعی چیف

نئی دہلی: (ایم این این): جرمن ڈیفنس چیف جنرل کارسٹن بریور نے خدشہ ظاہر کیا ہے اگلے 4 سال میں ممکنہ روسی حملے کی پیش نظر نیٹو کو تیاری کرنے کی ضرورت ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جرمن ڈیفنس چیف جنرل کارسٹن بریور نے کہا ہے کہ روس سیکڑوں ٹینک ہر سال تیار کر رہا ہے جن میں بہت سے بحر بالٹک کے نیٹو ممالک کے خلاف 2029ء میں استعمال ہوں گے۔ جنرل کارسٹن بریور نے امکان ظاہر کیا ہے کہ نیٹو اتحاد ہنگری اور سلوواکیا کے اختلافات کے باوجود اکٹھا ہے۔ وہ سنگاپور میں ہونے والے شنگھائی ڈائیلاگ ڈیفنس اجلاس میں اظہار خیال کر رہے تھے جو عالمی تھنک ٹینک انسٹی ٹیوٹ آف اسٹریٹیجک اسٹڈیز نے منعقد کیا ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ نیٹو کے روس سے خطرے کی نوعیت سنجیدہ ہے، جو آج سے 40 سال پہلے نہ تھی۔ انہوں نے کہا کہ روس ہر سال 1 ہزار 500 ٹینک تیار کر رہا ہے، اب ہر ٹینک یوکرین جنگ کا حصہ تو نہیں بن سکتا۔ جنرل کارسٹن بریور کا کہنا تھا کہ روس 152 ملی میٹر توپ کے لاکھوں گولے 2024ء میں تیار کر چکا ہے، یقیناً وہ سب یوکرین کے لیے تو نہیں ہیں۔

حج کی تیاریوں کے تناظر میں سعودی سیکورٹی فورسز کی پریڈ

نئی دہلی: (ایم این این): سعودی عرب کے وزیر داخلہ اور سپریم حج کمیٹی کے سربراہ شہزادہ عبدالعزیز بن سعود بن نائف نے حج کے دوران سیکورٹی کے فرائض انجام دینے والی فورسز کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ یہ جائزہ امسال یعنی ۱۴۴۶ ہجری کے حج سیزن میں شریک سیکورٹی فورسز کے سالانہ تقریب کے موقع پر لیا گیا۔ وزیر داخلہ نے تقریب کے دوران کہا ”خادم حرمین شریفین اور ولی عہد، وزیر اعظم کی ہدایت پر آج میں نے حج سیکورٹی فورسز کی تیاریوں کا مشاہدہ کیا۔ میں اس مکمل تیاری، اعلیٰ صلاحیتوں اور وسائل کو دیکھ کر فخر محسوس کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو اپنی قیادت کی توقعات پر پورا اترنے اور ہر پہلو سے ایک پرامن اور کامیاب حج کے انعقاد میں کامیابی عطا فرمائے۔“ امن عامہ کے ڈائریکٹر جنرل اور حج کیلئے قائم سیکورٹی کمیٹی کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل محمد البسامی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ”دانشمند قیادت نے حجاج کرام کی خدمت اور ان کی نگہداشت کیلئے ہر ممکن سہولت اور وسائل فراہم کئے ہیں، اور اس کام کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل رکھا ہے۔ انہی کوششوں کی بدولت ہمیں ہجوم کے نظم و نسق، مختلف اداروں کے درمیان ہم آہنگی، منصوبہ بندی اور یکجہتی کے وہ عملی نمونے ملے ہیں جنہیں دنیا میں قابل تقلید سمجھا جاتا ہے تاکہ اللہ کے مہمان امن و اطمینان کی فضا میں اپنے مناسک ادا کر سکیں۔“ لیفٹیننٹ جنرل البسامی نے مزید کہا کہ حج سیکورٹی فورسز پوری طرح تیار اور محتاط ہیں اور کسی بھی قسم کے خطرے یا ایسی کوشش کا پوری سختی اور موثر انداز میں مقابلہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں جو حجاج کے امن یا عبادات میں خلل ڈالنے کا باعث بنے۔ ہمارا مقصد حجاج کے لیے ایک محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے تاکہ وہ سکون اور سہولت کے ساتھ اپنے مناسک ادا کر سکیں۔“ تقریب کے دوران عازمین کے تحفظ وسلامتی کے لحاظ سے مختلف صورتحال سے نمٹنے کی عملی مشقیں بھی کی گئیں جن میں کئی سیکورٹی گاڑیوں، جدید آلات، فضائی نگرانی کے طیاروں اور حج کے دوران استعمال ہونے والی مخصوص گاڑیوں کا مظاہرہ بھی شامل تھا۔

یورپی طاقتوں نے اقوام متحدہ کی رپورٹ کا فائدہ اٹھایا تو جواب دیا جائیگا: ایران

نئی دہلی: (ایم این این): ایران نے خبردار کیا ہے کہ اگر یورپی طاقتوں نے اقوام متحدہ کی اس رپورٹ کا ”فائدہ اٹھایا“ تو وہ اس کا جواب دے گا جس میں کہا گیا ہے کہ ایران نے انتہائی افزودہ یورینیم کی پیداوار میں اضافہ کیا ہے۔ بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ایران نے یورینیم افزودہ کرنے کے اپنے ذخیرے میں تیزی سے ۶۰ فیصد تک اضافہ کیا ہے، جو جوہری ہتھیاروں کیلئے درکار تقریباً ۹۰ فیصد کی سطح کے قریب ہے۔ آئی اے ای اے کی خفیہ رپورٹ کے مطابق ایران کی افزودہ یورینیم کی کل مقدار ۲۰۱۵ء میں عالمی طاقتوں کے ساتھ ہونے والے تاریخی معاہدے کی حد سے ۴۵ گنا زیادہ ہے

یروشلم 500 سے زائد غیر قانونی آبادکاروں نے ”شبوعوت“ منانے کیلئے مسجد الاقصیٰ پر دھاوا بول دیا

نئی دہلی: (ایم این این): ایک فلسطینی ایجنسی کے مطابق سیکڑوں غیر قانونی اسرائیلی آبادکاروں نے پیر کو مقبوضہ مشرقی یروشلم میں واقع مسجد اقصیٰ کے احاطے میں یہودیوں کی چھٹی کے دن ”شبوعوت“ کا جشن منانے کیلئے زبردستی داخل ہو گئے۔ یروشلم میں اسلامی اوقاف کے محکمے نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ۵۰۰ سے زائد غیر قانونی آبادکار اسرائیلی فورسز کے تحفظ میں گروہ در گروہ مقدس مقام میں داخل ہوئے۔ عینی شاہدین نے انادولو کو بتایا کہ آبادکار مقدس مسجد کے مغرب میں المغربہ گیٹ کے ذریعے فلیش پوائنٹ میں داخل ہوئے۔ سرکاری فلسطینی خبر رساں ایجنسی وفا کے مطابق غیر قانونی آبادکاروں نے شبوعوت کے موقع پر مسجد کے دروازوں پر اشتعال انگیز تلمودی رسومات ادا کیں، جسے ہفتوں کی عید بھی کہا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ ۲۰۰۳ء سے اسرائیل نے جمعہ اور ہفتہ کو چھوڑ کر تقریباً روزانہ کی بنیاد پر غیر قانونی یہودی آبادکاروں کو فلیش پوائنٹ کمپاؤنڈ میں جانے کی اجازت دی ہے۔ مسجد اقصیٰ مسلمانوں کیلئے دنیا کی تیسری مقدس ترین جگہ ہے۔ یہودی اس علاقے کو ”ٹیمپل ماؤنٹ“ کہتے ہیں اور دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ قدیم زمانے میں دو یہودی مندروں کی جگہ تھی۔ اسرائیل نے ۱۹۶۷ء کی عرب اسرائیل جنگ کے دوران مشرقی یروشلم، جہاں الاقصیٰ واقع ہے، پر قبضہ کر لیا۔ ۱۹۸۰ء میں اس نے پورے شہر کو ایک ایسے اقدام میں جوڑ لیا جس کو بین الاقوامی برادری نے کبھی تسلیم نہیں کیا۔

حج کے دوران عازمین کو ہنگامی طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے ۱۱ ایئر ایمبولنس تیار

نئی دہلی: (ایم این این): حج کے دوران عازمین کو ہنگامی طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے سعودی عرب کے ادارہ ہلال احمر نے ۱۱ فضائی ایمبولینس طیاروں کو متحرک کر دیا ہے۔ یہ ہیلی کاپٹر مسجد الحرام اور مشاعر مقدسہ سے ایسے مریضوں کو منتقل کرنے کیلئے مختص رہیں گے جنہیں فوری طور پر اسپتال منتقل کرنا ضروری ہوگا۔ ان ہیلی کاپٹرز کیلئے ۳۱ ہیلی پیڈ مختلف مقامات پر تیار کئے گئے ہیں تاکہ فوری طبی ریسپانس کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس فضائی طبی سروس پر ۱۲۰ سے زائد ماہر افراد، جن میں تجربہ کار ڈاکٹر اور ایمرجنسی میڈیکل ٹیکنیشین شامل ہیں جو ۲۴ گھنٹے ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں۔ ان کی خدمات کا مقصد ”سعودی ویژن ۲۰۳۰ء“ کے تحت حجاج کرام کو اعلیٰ معیار کی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ یہ فضائی ایمبولینس سروس مکہ مکرمہ اور تمام مقدس مقامات پر دستیاب ہوگی تاکہ مریضوں کی بروقت منتقلی اور طبی انخلا کی کارروائیاں موثر انداز میں انجام دی جا سکے۔

اٹلی: امدادی جہاز "مدلین" غزہ کیلئے روانہ، تھنبرگ سمیت عالمی سطح پر مشہور ۱۲ رضا کار عملے میں شامل

نئی دہلی: (ایم این این): غزہ کے عوام کیلئے سرگرم یکجہتی تحریک، فریڈم فلوٹیلا کولیشن (ایف ایف سی) کے زیر اہتمام ایک امدادی جہاز "مدلین" اتوار کو یورپی ملک اٹلی کے جزیرہ سسلی کے شہر کیٹانیا کی بندرگاہ سے غزہ کیلئے روانہ ہوا ہے۔ تنظیم نے بتایا کہ اسرائیل کے ذریعے غزہ کی بحری ناکہ بندی کو توڑنے اور محصور علاقے میں "علامتی لیکن ضروری" انسانی امداد پہنچانے کے مقصد سے اس جہاز کو بھیجا جا رہا ہے۔ ایف ایف سی نے اتوار کو جاری کردہ ایک بیان میں کہا کہ ۲۰۱۴ء میں غزہ کی پہلی اور واحد ماہی گیر خاتون "مدلین" کے نام پر جہاز کا نام رکھا گیا تھا۔ یہ جہاز، فلسطینی استقامت کے اٹل جذبے اور اسرائیل کی اجتماعی سزا اور جان بوجھ کر بھکمری کی پالیسیوں کے خلاف بڑھتی ہوئی عالمی مزاحمت کی علامت ہے۔ اس سفر کا آغاز گزشتہ ماہ اسرائیلی ڈرونز کے ذریعے فریڈم فلوٹیلا کے ایک اور امدادی جہاز "کنسائنس" پر مالٹا کے ساحل کے قریب بین الاقوامی پانیوں میں بمباری کے ایک ماہ بعد ہوا ہے جو اس مشن کی فوری ضرورت اور خطرناک نوعیت کو اجاگر کرتا ہے۔ کولیشن نے اس مشن کو اسرائیل کے ذریعے غزہ کی "غیر قانونی ناکہ بندی اور بڑھتے ہوئے جنگی جرائم" کے خلاف ایک پرامن اور غیر متشدد شہری مزاحمت قرار دیا۔ اس نے زور دیا کہ مدلین ایک غیر مسلح شہری جہاز ہے جو بین الاقوامی بحری قوانین کے مطابق کام کر رہا ہے۔ غزہ تک یہ سفر تقریباً ۷ دنوں تک جاری رہنے کی توقع ہے، بشرطیکہ اسے روکا نہ جائے۔ یہ مشن مئی ۲۰۲۵ء میں ایک ناکام کوشش کے بعد شروع کیا گیا جب ایف ایف سی کا ایک اور جہاز کنسائنس مبینہ طور پر مالٹا کے قریب بین الاقوامی پانیوں میں دو ڈرون حملوں کا نشانہ بنا، جس سے جہاز میں آگ لگ گئی اور اسے شدید نقصان پہنچا۔ کولیشن نے اس حملے کا الزام اسرائیل پر عائد کیا حالانکہ اسرائیلی حکام نے اس پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔

غیر ازدواجی تعلقات اور
نوجوانوں کی بڑھتی بے راہ روی

تحریر
عبدالرشید طلحہ نعمانی

چند یوم قبل ایک عزیز کے گھر دوست احباب کی مختصر سی تقریب میں شرکت کا اتفاق ہوا، چوں کہ وقفے وقفے سے مہمانوں کی آمد کا سلسلہ جاری تھا؛ اس لیے عشائیے میں کافی وقت درکار تھا۔ میں نے موقع پا کر پاس بیٹھے ایک نوجوان سے گفتگو کا آغاز کیا، علیک سلیک اور ابتدائی تعارف کے بعد معلوم ہوا کہ وہ حیدرآباد ہی کی کسی بڑی کمپنی میں برسر روزگار ہے اور ویب ڈیزائننگ کے کام میں اچھی خاصی مہارت رکھتا ہے، تھوڑی دیر کی رسمی گفتگو اور اپنے اپنے کام سے متعلق وضاحت بالخصوص تحفظ شریعت ٹرسٹ (جس سے راقم السطور منسلک ہے) کے تعارف کے بعد وہ نوجوان قدرے بے تکلفانہ انداز میں کہنے لگا کہ آپ ماشاء □ اللہ تحفظ شریعت کی خدمت سے وابستہ ہیں اور نوجوانوں کے لیے مختلف ورک شاپ بھی منعقد کرتے ہیں نیز آپ کا مقصد بھی نوجوان نسل میں دین و شریعت سے متعلق شعور بیداری ہے؛ اس لیے میں ایک نہایت حساس مسئلے کی طرف آپ کی توجہ مبذول کروانا چاہتا ہوں، جس پر مستقل کام کرنے اور نئی نسل کو اس سلسلے میں آگاہی دینے کی ضرورت ہے۔ پھر اس نے ملک کے مشہور تعلیمی و تجارتی شہر ممبئی، دلی، بنگلور، حیدرآباد کے متعدد مسلم نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کے حوالے سے ایسا چونکا دینے والا انکشاف کیا کہ میں دم بہ خود رہ گیا۔ وہ کہنے لگا کہ پچھلے چند سالوں سے نوجوان لڑکے لڑکیوں کا بلاتفریق مذہب یکجا قیام کرنے اور بہ وقت ضرورت جنسی تعلق قائم کرنے پھر کچھ عرصے بعد علاحدہ ہو جانے کا رجحان بہت تیزی سے فروغ پا رہا ہے، خود میں جس کمپنی میں ملازمت کرتا ہوں وہاں ایسے متعدد مسلم نوجوان ہیں جو اس لعنت میں گرفتار ہیں۔ نوجوان کے مطابق کہ اس تعلق کو جو سراسر ناجائز اور حرام ہے، انگریزی زبان میں Relationship in Live کہا جاتا ہے، یعنی مرد اور عورت کا ایک ساتھ رہتے ہوئے زندگی گزارنا، جو عارضی اور چند روزہ بھی ہوسکتا ہے اور اس میں پائیداری بھی ممکن ہے، اس عرصے میں ان کے درمیان جنسی تعلق بھی قائم رہتا ہے؛ لیکن میاں بیوی کی طرح رہنے کے باوجود ان کے درمیان نکاح کا معاہدہ نہیں ہوتا، جس کی بنا پر ان میں سے ہر ایک کو اختیار رہتا ہے کہ جب چاہے علاحدگی اختیار کرلے۔ نکاح نہ ہونے کی وجہ سے وہ اپنے ساتھی کے تعلق سے ہر طرح کی ذمہ داریوں سے آزاد رہتا ہے اور اس پر کوئی قانونی بندش نہیں ہوتی۔

اس ملاقات کے چند روز بعد ابھی ہفتہ عشرہ قبل پڑوس ملک کے ایک مسلمان گھرانے میں پیدا ہونے والی لڑکی، نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسف زئی کا متنازع بیان انٹرنیشنل میڈیا پر کئی دن تک بحث کا موضوع رہا، جس میں ملالہ نے کہا کہ ''مجھے سمجھ نہیں آتی کہ لوگوں کو شادی کیوں کرنا پڑتی ہے؟ اگر آپ زندگی میں ایک شخص کو چاہتے ہیں تو آپ کو شادی کے کاغذات پر دستخط کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ آخر کیوں یہ صرف ایک پارٹنر شپ نہیں ہوسکتی؟''

یہ حقیقت ہے کہ یورپ کے صنعتی انقلاب کے بعد عورت کو کسی حد معاشی استقلال تو حاصل ہوگیا؛ لیکن خاندانی نظام پر اس کے خطرناک اثرات مرتب ہوئے۔ تربیت کے بغیر اعلی عصری تعلیم کے بعد عورت جب مرد کی کفالت اور مالی اعانت سے بے نیاز ہوگئی تو پھر قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوا کہ جو عورت خود کمائے وہ مرد کی خدمت کیوں کرے؟ گھر کی ذمہ داریاں کیوں سنبھالے؟ برطانیہ کی نیشنل ویمنز کونسل کی ایک خاتون رکن کا کہنا ہے کہ ''یہاں یہ خیال مضبوط ہوتا جا رہا ہے کہ شادی کر کے شوہر کی خدمت کے جھمیلے میں کیوں پڑا جائے بس زندگی کے مزے اڑا لیے جائیں۔ بہت سی خواتین یہ فیصلہ کرچکی ہیں کہ ان کی بقا کے لیے مردوں کے سہارے کی ضرورت نہیں۔'' (ملخص از نکاح کے انسانی زندگی پر اثرات)

ایک طرف مرد و زن کے مابین تعلقات کا یہ غیر فطری رجحان ہے جو نئی نسل میں تیزی کے ساتھ پنپتا جا رہا ہے اور دوسری طرف اسلام کا پیش کردہ پاکیزہ فطری نظام ہے جو ہر اعتبار سے واضح، مکمل اور معاشرتی حقوق کا محافظ ہے؛ جس کا غیروں نے بھی کھلے دل سے اعتراف کیا ہے اور اعداد و شمار اس کی گواہی دے رہے ہیں؛ برطلن کے ترتیب دیئے ہوئے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ شادی شدہ جوڑوں کی نسبت غیر شادی شدہ انسان کہیں زیادہ خودکشی کے مرتکب ہوتے ہیں، جبکہ اکثر شادی شدہ افراد کی دماغی اور اخلاقی حالت نہایت متوازن اور ٹھوس ہوتی ہے، ان کی زندگی میں ٹھہراؤ ہوتا ہے۔ نیز جیسا کج رو اور سوداوی مزاج بہت سارے بن بیاہے نوجوانوں کا ہوتا ہے، شادی شدہ جوڑوں میں اس طرح نہیں پایا جاتا۔ نیز یہ بھی مشاہدہ ہے کہ شادی شدہ خواتین ہر چند کہ بچہ جننے، ماں بننے اور خانہ داری اور ازدواجی زندگی جیسی بے شمار ذمہ داریوں میں گھری ہوتی ہیں، پھر بھی دوسری غیر شادی شدہ عورتوں کے مقابلہ میں ان کی عمریں خاصی طویل ہوتی ہیں اور وہ ان کے مقابلہ میں زیادہ مطمئن اور خوش ہوتی ہیں۔ (مقاصد نکاح بہ حوالہ ماہ نامہ بینات ستمبر 2013)

اسلام کا تصور نکاح:

دیگر ادیان و مذاہب کے بالمقابل اسلام میں نکاح کی بڑی اہمیت ہے اور اسلام نے اس حوالے سے جو معتدل فکر اور متوازن نظریہ پیش کیا ہے وہ نہایت جامع اور بے نظیر ہے۔ اسلام کی نظر میں نکاح محض انسانی خواہشات کی تکمیل اور فطری جذبات کی تسکین کا نام نہیں؛ بل کہ یہ نام و نسب کی حفاظت کے ساتھ فروغ نسل انسانی اور مستحکم خاندانی نظام سے عبارت ہے۔ انسان کی جس طرح بہت ساری فطری ضروریات ہیں اسی طرح جنسی عمل بھی انسان کی ایک اہم فطری ضرورت ہے؛ جسے اسلام نے معقول اور مہذب طریقے سے پورا کرنے کی نہ صرف اجازت و ترغیب دی ہے؛ بل کہ نکاح کو آسان بنا کر پیش کیا ہے۔ اسلام کے علاوہ باقی مذاہب (چاہے آسمانی ہوں یا غیر آسمانی) میں عورت اور مرد کے ازدواجی تعلقات کو بہت حد تک اخلاق و روحانی ترقی کے لیے مانع تسلیم کیا گیا ہے؛ بل کہ مغرب نے تو آزادیٔ نسواں کے پرفریب نعرے کے ذریعہ سرعام اس کی عزت و عصمت کو نیلام کیا ہے۔ دنیا کے مختلف مذاہب نے شادی بیاہ کے بارے میں جو مختلف نظریات پیش کیے ہیں، ان کا خلاصہ درج ذیل ہے:

یہودی معاشرے نے نکاح کو سوشل کنٹریکٹ قرار دیا کہ جب چاہے توڑ دیا جائے۔ ہندومت نے اسے اٹوٹ قرار دے کر اس میں مظلومیت کا عنصر شامل کر دیا اور عیسائیت نے تو نکاح اور ازدواجی زندگی سے الگ رہنے اور رہبانیت و تجرد کی زندگی اختیار کرنے کو ہی اعلیٰ اخلاق کا ذریعہ اور روحانیت کی معراج قرار دے کر اس سے دور رہنے کی تلقین کی ہے؛ مگر اسلام نے نکاح کو انبیاء کرام کی سنت، اہم ترین عبادت اور تکمیل ایمان کا سبب بتلایا ہے کہ نکاح ہی اخلاق و کردار، عزت و ناموس اور حیا و پاک دامنی کا ذریعہ ہے۔ جو آدمی نکاح کر لیتا ہے، وہ ایک قلعہ میں محصور ہو کر بے حیائی، بداخلاقی، بے راہ روی اور بدنگاہی جیسی مذموم عادات سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نوجوانوں کو نکاح کی ترغیب دلاتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''تم میں سے جو کوئی حقوق زوجیت پر قادر ہو تو وہ شادی کرلے''۔ اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح سے حاصل ہونے والے دو اہم فوائد کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: ''کیونکہ اس سے نگاہ اور عصمت دونوں کی حفاظت ہوتی ہے''۔ (بخاری و مسلم)

المختصر: اسلام نے ازدواجی زندگی کے متعلق صاف ستھرا اور قابل عمل تصور پیش کیا جو بے شمار دینی و دنیوی فائدوں کا حامل ہے، مثلاً معاشرتی فائدے، خاندانی فائدے، اخلاقی فائدے، سماجی فائدے، نفسیاتی فائدے وغیرہ۔۔۔ اس طرح ان گنت فائدوں اور خوبیوں کا دوسرا نام نکاح ہے۔

اسلام میں زنا کی مذمت:

قرآن مجید میں جہاں نکاح کی اہمیت اجاگر کی گئی، وہیں مختلف مقامات پر زنا کاری کی مذمت بیان کی گئی؛ بل کہ مقدمات زنا پر بھی قدغن لگائی گئی، مردوں اور عورتوں کو خطاب کرتے ہوئے نگاہ نیچی رکھنے اور شرم گاہ کی حفاظت کرنے کی تاکید کی گئی، دوسروں کے گھر میں داخل ہونے سے قبل اجازت لینے کو ضروری قرار دیا گیا، پردے اور حجاب سے متعلق تفصیلی احکام اتارے گئے نیز سورہ الاسراء □ میں پہلے زنا سے منع فرمایا گیا، اس کے بعد قتل ناحق سے روکا گیا، جس کی حکمت بیان کرتے ہوئے امام رازی رحم? اللہ علیہ نے لکھا ہے: ''کفر کے بعد سب سے بڑا گناہ قتل ناحق ہے، زنا اس کے بعد ہے؛ لیکن اس کے باوجود اس آیت میں زنا کا ذکر قتل سے پہلے کیا گیا ہے، اس کی حکمت اور وجہ یہ ہے کہ جس سماج میں زنا کا دروازہ کھل جاتا ہے، اس میں قتل و خون کی واردات عام ہوتی چلی جاتی ہے، زنا سے قتل کی راہیں ہموار ہوتی ہیں، اسی لئے زنا کو پہلے ذکر کیا گیا ہے''۔ (التفسیر الکبیر) اسی طرح قرآن میں زنا اور اولاد کے قتل کا ایک ساتھ بھی ذکر آیا ہے، اس کی وجہ یہی ہے کہ زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والی اولاد معاشرے میں جس طرح ذلیل و بے مایہ ہوتی ہے وہ کسی موت سے کم نہیں ہے۔ نیز زنا سے ہونے والے حمل بدنامی اور طعن و تشنیع وغیرہ کے خوف سے عام طور پر ساقط کر دیے جاتے ہیں اس طرح ہر سال لاکھوں کلیاں کھلنے سے پہلے ہی مسل دی جاتی ہیں۔

اسلام میں زنا کی شناعت کا اندازہ اس سے بھی ہوسکتا ہے کہ زنا کو ایمان کے نور و کیف سے محروم قرار دیا گیا، اس کی دعاؤں کو نامقبول بتایا گیا، زنا کے نتیجے میں جو اجتماعی و انفرادی مصائب اور مشکلات پیدا ہوتے ہیں، ان کا ذکر کر کے اس عمل کی زہرناکی کو اجاگر کیا گیا۔

وبائی امراض کی ایک وجہ:

جس قوم یا سماج میں بدکاری کی وبا پھیل جاتی ہے وہ سماج عذاب الٰہی کی لپیٹ میں آجاتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اکرم اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی علاقے میں سود خوری اور زنا کاری عام ہو جاتی ہے تو اللہ کا عذاب آنے کے قریب ہو جاتا ہے۔ (المستدرک)

حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتی ہیں: میری امت اس وقت تک خیر پر قائم رہے گی جب تک کہ اس میں ولد الزنا کی کثرت نہ ہو، اور جب امت میں ولد الزنا کی کثرت ہو جائے گی تو قریب ہے کہ اللہ سب کو اپنے عذاب کی لپیٹ میں لے لے۔ (مجمع الزوائد)

اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس آئے اور ارشاد فرمایا: اے گروہ مہاجرین! جس قوم میں علانیہ زنا کاری عام ہو جاتی ہے اس میں طاعون اور ایسے امراض پیدا ہو جاتے ہیں جو پچھلی امتوں میں نہ تھے۔ (ابن ماجہ)

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے خطبات میں ملتا ہے: ''جس قوم میں بدکاری پھیل جاتی ہے خدا اس میں مصیبت کو پھیلا دیتا ہے''۔ معلوم ہوا کہ جس معاشرہ میں زنا عام ہو جائے، ناجائز اولاد کی کثرت ہونے لگے وہ معاشرہ عذاب الٰہی کے نشانے پر آجاتا ہے، پھر عذاب کا ظہور مختلف شکلوں میں ہوتا ہے، طوفان و سیلاب ہو، زلزلہ ہو، رزق سے محرومی ہو، وبائی امراض ہوں یہ سب اسی عذاب کے مظاہر ہیں۔

حقوقِ انسان قرآن وحدیث کی روشنی میں

تحریر
ڈاکٹر محمد نجیب قاسمی سنبھلی

شریعت اسلامیہ نے ہر شخص کو مکلف بنایا ہے کہ وہ حقوق اللہ کے ساتھ حقوق العباد یعنی بندوں کے حقوق کی مکمل طور پر ادائیگی کرے۔ دوسروں کے حقوق کی ادائیگی کے لیے قرآن وحدیث میں بہت زیادہ اہمیت، تاکید اور خاص تعلیمات وارد ہوئی ہیں۔ نیز نبی اکرم ﷺ، صحابہ کرام، تابعین اور تبع تابعین نے اپنے قول و عمل سے لوگوں کے حقوق ادا کرنے کی جو بے شمار مثالیں پیش کی ہیں، وہ رہتی دنیا تک پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ ہیں۔ مگر آج ہم دوسروں کے حقوق تو ادا نہیں کرتے البتہ اپنے حقوق کا جھنڈا اٹھائے رہتے ہیں۔ دوسروں کے حقوق کی ادائیگی کی کوئی فکر نہیں کرتے، اپنے حقوق کو حاصل کرنے کے لئے مطالبات کرتے رہتے ہیں۔ چنانچہ حقوق کے نام سے انجمنیں اور تنظیمیں بنائی جا رہی ہیں، لیکن دنیا میں ایسی انجمنیں یا تحریکیں یا کوششیں موجود نہیں ہیں، جن میں یہ تعلیم دی جائے کہ دوسروں کے حقوق جو ہمارے ذمہ ہیں وہ ہم کیسے ادا کریں؟ شریعت اسلامیہ کا اصل مطالبہ یہی ہے کہ ہم میں سے ہر ایک اپنی ذمہ داریوں یعنی دوسروں کے حقوق ادا کرنے کی زیادہ سے زیادہ کوشش کرے۔

عام لوگوں کے حقوق: اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانے والے ہر شخص پر ضروری ہے کہ وہ تمام لوگوں کے حقوق کی ادائیگی کرے۔ کسی کے مال یا جائداد پر ناجائز قبضہ نہ کرے۔ کسی کو دھوکہ نہ دے۔ کھانے کی اشیاء □ میں ملاوٹ نہ کرے۔ شریعت اسلامیہ میں کسی کو ناحق قتل کرنا تو درکنار کسی شخص کو مارنا یا گالی دینا یا برا بھلا کہنا بھی جائز نہیں ہے۔ راستہ کا حق ادا کیا جائے۔ غریبوں، مسکینوں، یتیموں اور کمزوروں کا خیال رکھا جائے۔ عام لوگوں کے ساتھ ساتھ والدین، میاں بیوی، اولاد، رشتہ داروں اور پڑوسیوں کے حقوق ادا کیے جائیں۔ چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے دوسروں کے حقوق میں کوتاہی کرنے پر آخرت میں سخت عذاب کی خبر اس طرح دی: کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: ہمارے نزدیک مفلس وہ شخص ہے جس کے پاس کوئی پیسہ اور دنیا کا سامان نہ ہو۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری امت کا مفلس وہ شخص ہے جو قیامت کے دن بہت سی نماز، روزہ، زکا (اور دوسری مقبول عبادتیں) لے کر آئے گا مگر حال یہ ہوگا کہ اس نے کسی کو گالی دی ہوگی، کسی پر تہمت لگائی ہوگی، کسی کا مال کھایا ہوگا، کسی کا خون بہایا ہوگا یا کسی کو مارا پیٹا ہوگا تو اس کی نیکیوں میں سے ایک حق والے کو (اس کے حق کے بقدر) نیکیاں دی جائیں گی، ایسے ہی دوسرے حق والے کو اس کی نیکیوں میں سے (اس کے حق کے بقدر) نیکیاں دی جائیں گی۔ پھر اگر دوسروں کے حقوق چکائے جانے سے پہلے اس کی ساری نیکیاں ختم ہو جائیں گی تو (ان حقوق کے بقدر) حقداروں اور مظلوموں کے گناہ (جو انہوں نے دنیا میں کئے ہوں گے) ان سے لے کر اس شخص پر ڈال دئے جائیں گے، اور پھر اس شخص کو دوزخ میں پھینک دیا جائے گا۔ مسلم۔ باب تحریم الظلم

الدین کے حقوق: قرآن وحدیث میں والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی خصوصی تاکید کی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے متعدد مقامات پر اپنی عبادت کا حکم دینے کے ساتھ ساتھ والدین سے اچھا برتاؤ کرنے کا حکم دیا ہے، جس سے والدین کی اطاعت، ان کی خدمت اور ان کے ادب و احترام کی اہمیت واضح ہو جاتی ہے۔ احادیث میں بھی والدین کی فرمانبرداری کی خاص اہمیت و تاکید اور اس کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ ماں باپ کی نافرمانی تو کجا، ناراضگی و ناپسندیدگی کے اظہار اور جھڑکنے سے بھی روکا گیا ہے اور ادب کے ساتھ نرم گفتگو کا حکم دیا گیا ہے۔ پوری زندگی والدین کے لئے دعا کرنے کا حکم ان کی اہمیت کو دوبالا کرتا ہے۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں علماء □ کرام نے والدین کے حقوق کچھ اس طرح تحریر فرمائے ہیں۔ دوران حیات حقوق: ان کا ادب و احترام کرنا۔ ان سے محبت کرنا۔ ان کی فرمانبرداری کرنا۔ ان کی خدمت کرنا۔ ان کو حتی الامکان آرام پہنچانا۔ ان کی ضروریات پوری کرنا۔ وقتاً فوقتاً

ان سے ملاقات کرنا۔ بعد از وفات حقوق: ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے معافی اور رحمت کی دعائیں کرنا۔ ان کی امانت و قرض ادا کرنا۔ ان کی جائز وصیت پر عمل کرنا۔ ان کی جانب سے ایسے اعمال کرنا جن کا ثواب ان تک پہنچے۔ ان کے رشتے دار، دوست و متعلقین کی عزت کرنا۔ کبھی کبھی ان کی قبر پر جانا۔

اولاد کے حقوق: نیک اولاد والدین کے لیے عظیم نعمت ہے، اور اولاد نیک اس وقت ہوگی جب ان کی پرورش اللہ اور اس کے رسول ? کے بتائے ہوئے اصولوں کے مطابق کی جائے۔ اللہ کے رسول ? نے فرمایا: ہر بچہ اپنی فطرت (اسلام) پر پیدا ہوتا ہے، اس کے والدین اسے یہودی، نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں۔ (بخاری و مسلم) اس حدیث سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ بچہ کا ذہن و دماغ کورے کاغذ کی مانند ہوتا ہے، اس کے والدین بچپن میں اس کے ذہن و دماغ پر جو نقش کر دیتے ہیں اس کا اثر آخر عمر تک رہتا ہے۔ والدین کی چند ذمہ داریاں یعنی اولاد کے حقوق حسب ذیل ہیں۔ بچہ کی ولادت کے وقت دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر کہنا۔ تحنیک، یعنی کھجور کو اچھی طرح چبا کر بچہ کے منہ میں ڈالنا اور مسوڑھوں پر رگڑنا۔ ساتویں دن عقیقہ کرنا، لڑکے کی ختنہ کرانا، سر کے بال کاٹ کر بالوں کے وزن کے بقدر چاندی یا اس کی قیمت صدقہ کرنا اور اچھا نام رکھنا۔ اگر کسی وجہ سے ساتویں دن عقیقہ نہ کرسکے تو بعد میں بھی کیا جاسکتا ہے۔ اپنی حیثیت کے مطابق اولاد کے تمام ضروری اخراجات برداشت کرنا۔ بچوں کی بہتر تعلیم و تربیت کرنا۔ والدین کے ذمہ یہ ایک ایسا حق ہے جسے اگر والدین نے صحیح طریقہ سے ادا کیا تو اس کے ذریعہ ایک اچھی نسل کی بنیاد پڑے گی اور اگر اس حق میں ذرا بھی کوتاہی اور غفلت برتی گئی تو پھر نہ جانے اس کا خمیازہ آنے والی کتنی نسلوں کو بھگتنا پڑے گا۔ اولاد کی تعلیم و تربیت یقیناً ایک بڑا ہی اہم اور نازک مسئلہ ہے، جسے بڑی ہی دانشمندی اور ہوشیاری سے انجام دینا چاہیے۔ اولاد کی تعلیم و تربیت میں ابتدائی دنوں میں تو ماں کا کردار سب سے اہم ہوتا ہے، لیکن بچہ کی بڑھتی عمر کے ساتھ ساتھ وہ ذمہ داری باپ کی جانب منتقل ہوتی جاتی ہے۔ تعلیم و تربیت کے بعد والدین کے ذمہ اولاد کا آخری اور اہم حق ان کی شادی کا رہتا ہے۔ شادی کے تعلق سے نبی اکرم ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں ہمیں لڑکے اور لڑکی کے انتخاب میں دینداری اور شرافت کو ترجیح دینی چاہئے۔ میاں بیوی کے حقوق: دو اجنبی مرد و عورت کے درمیان شوہر بیوی کا رشتہ اسی وقت قائم ہوسکتا ہے جب دونوں کے درمیان شرعی نکاح عمل میں آئے۔ نکاح شرعی کے بعد دو اجنبی مرد و عورت رفیق حیات بن جاتے ہیں، ایک دوسرے کے رنج و خوشی، تکلیف و راحت اور صحت و بیماری غرضیکہ زندگی کے ہر گوشہ میں شریک ہو جاتے ہیں۔ نکاح کی وجہ سے بے شمار حرام امور ایک دوسرے کے لئے حلال ہو جاتے ہیں حتی کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ایک دوسرے کو لباس سے تعبیر کیا ہے یعنی شوہر اپنی بیوی کے لئے اور بیوی اپنے شوہر کے لئے لباس کے مانند ہے۔ شرعی احکام کی پابندی کرتے ہوئے میاں بیوی کا جسمانی اور روحانی طور پر لطف اندوز ہونا نیز ایک دوسرے کے حقوق کی ادائیگی کرنا یہ سب شریعت اسلامیہ کا جزء □ ہیں اور ان پر بھی اجر ملے گا، ان شاء □ اللہ۔ بیوی کے حقوق: مکمل مہر کی ادائیگی کرنا۔ بیوی کے تمام اخراجات برداشت کرنا۔ بیوی کے لئے رہائش کا انتظام کرنا۔ اور بیوی کے ساتھ حسن معاشرت کرنا۔ شوہر کے حقوق: شوہر کی اطاعت کرنا۔ شوہر کے مال و آبرو کی حفاظت کرنا۔ گھر کے اندرونی نظام کو چلانا اور بچوں کی تربیت کرنا۔ پڑوسیوں کے حقوق: اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے: اللہ کی عبادت کرو، اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، اور والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرو، نیز رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، قریب والے پڑوسی، دور والے پڑوسی، ساتھ بیٹھے (یا ساتھ کھڑے ہوئے) شخص اور راہ گیر کے ساتھ اور اپنے غلام باندیوں (یعنی ماتحتوں) کے ساتھ بھی (اچھا برتاؤ کرو)۔ بیشک اللہ کسی اترانے والے شیخی باز کو پسند نہیں کرتا۔ (سورہ النساء □ 36) اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے پڑوسیوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی تعلیم دی ہے خواہ وہ رشتہ دار ہوں یا نہ ہوں اور مسلمان ہوں یا نہ ہوں۔ غرضیکہ پڑوسی ہونے کی بنیاد پر ہر شخص کا خیال رکھنا ہماری دینی و اخلاقی ذمہ داری ہے۔ حضور اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام اس کثرت سے پڑوسیوں کے بارے میں احکام لے کر آتے تھے کہ مجھے خیال ہونے لگا کہ کہیں پڑوسی کو وراثت میں حصہ دار نہ بنا دیا جائے۔ (ترمذی، البر والصلہ) اسی طرح حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو کوئی اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ پہنچائے۔ (بخاری) نیز نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو کوئی اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے پڑوسی کا خیال رکھے۔ مسلم۔ باب الحث علی اکرام الجار

رشتہ داروں کے حقوق: اسلام نے جہاں عام لوگوں کے حقوق کی ادائیگی کی بار بار تاکید کی ہے، وہیں پڑوسیوں اور قریبی و دور کے رشتہ داروں کے حقوق کی ادائیگی یہاں تک کہ میاں بیوی کو بھی ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے کی تعلیم دی ہے۔ شریعت اسلامیہ میں انفرادی زندگی کے ساتھ سماجی زندگی کے احکام بھی بیان کیے گئے ہیں تاکہ سب کی مشترکہ کوششوں سے ایک اچھا معاشرہ بنے۔ لوگ ایک دوسرے کا احترام کریں، ایک دوسرے کے خوشی و غم میں شریک ہوں اور جس کا جو حق ہے وہ ادا کیا جائے۔ والدین سے بھی کہا گیا کہ وہ اپنی اولاد کے حقوق ادا کریں۔ اسی طرح اولاد کو بھی تعلیم دی گئی کہ اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک کریں، میاں بیوی کے اوپر یہ ذمہ داری عائد کی گئی ہے کہ وہ اپنی اپنی ذمہ داریاں بحسن خوبی انجام دیں تاکہ زندگی کا پہیہ صحیح سمت چلے۔ پڑوسیوں کا بھی مکمل خیال رکھنے کی تعلیم دی گئی ہے حتی کہ کہا گیا ہے کہ پڑوسیوں کو تکلیف پہنچانے والا شخص کامل مومن نہیں ہوسکتا ہے۔ اسی طرح ہر شخص کی یہ ذمہ داری ہے کہ اپنی استطاعت کے مطابق تمام رشتہ داروں کو ساتھ لے کر چلے۔ آج ہمارے معاشرہ میں یہ بیماری بہت عام ہوگئی ہے کہ معمولی معمولی بات پر رشتہ داروں سے قطع تعلق کر لیا جاتا ہے۔ حالانکہ ضرورت ہے کہ ہم رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کریں، ان کی خوشی و غمی میں شریک ہوں اور ان کے ساتھ احسان اور اچھا برتاؤ کریں۔ چنانچہ سورہ النحل آیت 90 میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: بیشک اللہ انصاف کا، احسان کا، اور رشتہ داروں کو (ان کے حقوق) دینے کا حکم دیتا ہے۔ اور بے حیائی، بدی اور ظلم سے روکتا ہے، وہ تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم نصیحت قبول کرو۔ نیز نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: قطع رحمی کرنے والا کوئی شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ (بخاری و مسلم) دیگر احادیث کی روشنی میں علماء □ کرام نے فرمایا ہے کہ وہ اپنی سزا کاٹنے کے بعد ہی جنت میں داخل ہوسکتا ہے۔ اسی طرح قرآن وحدیث میں رشتہ داروں کے معاشی حقوق پر بھی زور دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: آپ سے پوچھتے ہیں کہ (اللہ کی راہ میں) کیا خرچ کریں، فرما دیں جس قدر بھی مال خرچ کرو (درست ہے) مگر اس کے حقدار تمہارے ماں باپ ہیں اور قریبی رشتہ دار ہیں اور یتیم ہیں اور محتاج ہیں اور مسافر ہیں، اور جو نیکی بھی تم کرتے ہو بیشک اللہ اسے خوب جاننے والا ہے۔ (سورہ البقر? 215) نیز نبی اکرم ﷺ نے غریب رشتہ داروں کی معاشی بحالی پر زور دینے کے ساتھ ساتھ کمزور اقرباء □ کے حقوق کی ادائیگی کی بھی تلقین فرمائی ہے۔ چنانچہ آپ ﷺ نے عام افراد پر صدقہ کرنے کے بجائے رشتہ داروں پر خرچ کو بھی ثواب کا ذریعہ و وسیلہ قرار دیا ہے۔ اس سے آگے بڑھ کر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: عام مسکین پر صدقہ سے تو ایک گنا ہی ثواب پائے گا لیکن اگر کوئی شخص غریب رشتہ دار کو صدقہ دیتا ہے تو اس کو دوگنا ثواب و اجر ملے گا، ایک اجر تو صدقے کا، دوسرا صلہ رحمی کا۔

The Urdu Daily
WATTAN
وطن سرینگر

وطن سرینگر

وعدے وفاء کب ہوں گے

ہندوستان دُنیا میں ایک ایسا ملک ہے جہاں ہر ایک ریاست کے سیاستدان اور ریاستوں کا کام کاج چلانے والے افسران کام دِن بھر تو کرتے ہوئے دِکھائی دیتے ہیں مگر اُن کا کام صرف اپنے اعلیٰ افسران کے ساتھ میٹنگ اور پھر پلان مرتب کرنے تک ہی محدود رہتا ہے اور پھر کوئی بھی پلان پائے تکمیل تک پہنچنا تو دور بلکہ پلان کی کاپیاں تک حکام تک نہیں پہنچ پاتی جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہندوستان شائد ہی کبھی ترقی یافتہ مما لک میں شمار کیا جاسکتا ہے۔ ہندوستان میں چونکہ پچھلے ایک دہائی سے این ڈی اے کی حکومت ہے اور اگر دیکھا جائے تو پورے ملک میں اس وقت کرپشن زوروں پر ہے یہاں تک کہ اگر کوئی بھی شخص خواہ وہ مسلمان ہو یا غیر مسلم حکومت کے خلاف اور حکومتی پالیسیوں کے خلاف اپنی آواز بلند کرتا ہے تو اُس کو دہشت گرد یا ملک دُشمن عنصر کے نام پر جیل میں قید کیا جاتا ہے۔ کانگرس پارٹی سے جڑے افراد و سیاستدان کی بات پورے ملک میں کوئی بھی شخص جیسے سُننے کو تیار نہیں ہے وہ شائد اِس لئے کہ ہمارے ملک کے وزیر اعظم اور اُن کی حکومت میں شریک سیاسی جماعت اور اُن جماعتوں سے جڑے سیاستدان جو حکومت یا مرکزی حکومت میں بحیثیت وزیر کام کر رہے ہیں وہ خود ہی کرپشن کرنے پر افسران کو مجبور کرتے ہے اور اِسی کے چلتے وہ افسران بھی کرپشن میں سے کچھ یا بہت سا حصہ اپنے اپنے کھاتہ میں ڈال دیتے ہے اور اِسی طرح سے پلان کو مرتب کرنے والے ہی حکومتی پلان کو تباہی کے دہانے تک لیجاتے ہیں اور ملک کو ترقی پذیر بنانے کے بجائے ذوال پذیر بناتے ہیں اور اُن کے مرتب کئے ہوئے پلان صرف کاغذی گھوڑے کی طرح سڑک پر دوڑانے کے برابر ہی ہوتا ہے۔ ہندوستان کو ایک تبدیلی کی ضرورت ہے اور وہ ہے سیاسی تبدیلی اور ایک اچھے، ایماندار انسان کو وزیر اعظم کی کُرسی پر بڑھانے کی ضرورت ہے اور اگر ہونے اور کرنے میں ایک کروڑ تیس لاکھ لوگ کامیاب ہو گئے تو ہندوستان کچھ ہی سال میں ترقی یافتہ مما لک میں شمار کیا جائے گا کیونکہ ہمارے ملک میں وسائل کی کوئی کمی نہیں اگر کمی ہے تو وہ اُن وسائل کو بروئے کار لانے اور ٹیکس کے پیسہ کو صیح ڈھنگ سے استعمال کرنے کی ضرورت ہے نہ کہ بینکوں سے قرضہ لینے کے بعد ملک سے نو دو گیارہ ہونے سے جو اِس ملک کو ہمیشہ ترقی کے راستے میں رُکاوٹ بنتا ہے اور یہ سب تب ہی ممکن ہوگا جب ہمارے سیاستدان اپنے کھاتے کے بجائے ملک کے کھانہ کی پرواہ کریں گے۔

عظیم جنگوں سے سبق لینا انتہائی ضروری۔۔۔

ہیوسکوفیلڈ

سنہ **1970** سے اب تک فرانس میں پہلی عالمی جنگ کے دور کی اس قدر اہم دریافت نہیں ہوئی ہے۔ ریمز شہر سے کچھ ہی دور ایک پہاڑی پر جنگل میں **270** سے زیادہ جرمن فوجیوں کی لاشیں ایک صدی سے بھی زیادہ عرصے سے پڑی ہیں۔ ان فوجیوں کو دردناک ترین اموات کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ جنگ کی افراتفری اور گھبراہٹ کے باعث ان کا حقیقی مقام اب تک ایک راز تھا اور فرانسیسی و جرمن حکام بھی اس گتھی کو سلجھانے کی جلدی میں نہیں تھے۔ مگر مقامی تاریخ دان باپ، بیٹے کی ایک ٹیم نے شیمن ڈے ڈیمز کے میدانِ جنگ میں ونٹربرگ سرنگ کا داخلی راستہ ڈھونڈ نکالا ہے۔

پہلا سوال تو یہ ہے کہ اب کیا کیا جائے؟ کیا ان لاشوں کو فوراً باہر نکال کر کسی جرمن جنگی قبرستان میں دفن کیا جائے؟ کیا یہاں پر وسیع پیمانے پر کھدائی ہونی چاہیے تاکہ ہمیں اس جنگ اور اسے لڑنے والے افراد کے بارے میں معلومات حاصل ہو سکیں؟ کیا کوئی یادگار یا میوزیم بنایا جانا چاہیے؟ دونوں حکومتیں اب بھی ان سوالوں پر غور کر رہی ہیں مگر وقت کا دباؤ موجود ہے۔ اور اگر ہم فرض کر لیں کہ اس سرنگ کا مقام اب بھی ایک راز ہے تو یہ ایک ایسا راز ہے جسے قطعاً چھپایا نہیں گیا۔ جب میں نے چند دن قبل اس جگہ کا دورہ کیا تو معلوم ہوا کہ ایک رات پہلے ہی وہاں نوادرات کی تلاش میں لوگ موجود تھے۔ داخلی راستے کے قریب ایک تین میٹر گہرا سوراخ کھودا گیا تھا اور جنگ کے دور کی چیزیں مثلاً کلہاڑیاں، بیلچے، سرنگ کی چھت کو سہارا دینے والے شہتیر اور پھٹ نہ پانے والے بم تک ایک ڈھیر میں چھوڑ دیے گئے تھے۔

ہمیں وہاں پر انسانی بازو کی ایک ہڈی بھی ملی۔ لٹیرے سرنگ میں داخل ہونے میں کامیاب نہیں ہوئے تھے کیونکہ وہ اس سے بھی گہرائی میں ہے۔ انھیں جو ملا وہ اس سرنگ کو بند کر دینے والے بم دھماکے سے اڑ کر اوپر آنے والی چیزوں کے ٹکڑے تھے۔ مگر سب کو ہی معلوم ہے کہ لٹیرے واپس آئیں گے کیونکہ ونٹربرگ سرنگ میں جو بھی سب سے پہلے داخل ہوا اس کے ہاتھ خزانہ لگے گا۔ سنہ **1917** کی بہار میں فرانس نے دریائے این سے چند میل دور شمال میں مشرق سے مغرب کی لکیر میں واقع پہاڑیوں کو واپس حاصل کرنے کے لیے ایک ناکام حملہ کیا۔ شیمن ڈی ڈیمز کے ساتھ ساتھ موجود ان پہاڑیوں پر جرمن دو سال سے بھی زیادہ عرصے سے قابض تھے اور ان کے پاس ایک پیچیدہ زیرِ زمین دفاعی نظام موجود تھا۔ کرایون کے گاؤں کے قریب سے ونٹربرگ سرنگ شروع ہوتی اور پہاڑی کے شمالی جانب سے **300** میٹر تک چلتی اور جنوبی جانب موجود ڈھلوان پر جرمن سرنگوں کی پہلی قطار سے جا ملتی۔ یہ سرنگ فرانسیسی سپاہیوں کی نظروں سے اوجھل تھی۔ ہمیں وہاں پر انسانی بازو کی ایک ہڈی بھی ملی۔ لٹیرے سرنگ میں داخل ہونے میں کامیاب نہیں ہوئے تھے کیونکہ وہ اس سے بھی گہرائی میں ہے۔ انھیں جو ملا وہ اس سرنگ کو بند کر دینے والے بم دھماکے سے اڑ کر اوپر آنے والی چیزوں کے ٹکڑے تھے۔ مگر سب کو ہی معلوم ہے کہ لٹیرے واپس آئیں گے کیونکہ ونٹربرگ سرنگ میں جو بھی سب سے پہلے داخل ہوا اس کے ہاتھ خزانہ لگے گا۔ سنہ **1917** کی بہار میں فرانس نے دریائے این سے چند میل دور شمال میں مشرق سے مغرب کی لکیر میں واقع پہاڑیوں کو واپس حاصل کرنے کے لیے ایک ناکام حملہ کیا۔ شیمن ڈی ڈیمز کے ساتھ ساتھ موجود ان پہاڑیوں پر جرمن دو سال سے بھی زیادہ عرصے سے قابض تھے اور ان کے پاس ایک پیچیدہ زیرِ زمین دفاعی نظام موجود تھا۔ کرایون کے گاؤں کے قریب سے ونٹربرگ سرنگ شروع ہوتی اور پہاڑی کے شمالی جانب سے **300** میٹر تک چلتی اور جنوبی جانب موجود ڈھلوان پر جرمن سرنگوں کی پہلی قطار سے جا ملتی۔ یہ سرنگ فرانسیسی سپاہیوں کی نظروں سے اوجھل تھی۔ ہمیں وہاں پر انسانی بازو کی ایک ہڈی بھی ملی۔ لٹیرے سرنگ میں داخل ہونے میں کامیاب نہیں ہوئے تھے کیونکہ وہ اس سے بھی گہرائی میں ہے۔ انھیں جو ملا وہ اس سرنگ کو بند کر دینے والے بم دھماکے سے اڑ کر اوپر آنے والی چیزوں کے ٹکڑے تھے۔ مگر سب کو ہی معلوم ہے کہ لٹیرے واپس آئیں گے کیونکہ ونٹربرگ سرنگ میں جو بھی سب سے پہلے داخل ہوا اس کے ہاتھ خزانہ لگے گا۔ سنہ **1917** کی بہار میں فرانس نے دریائے این سے چند میل دور شمال میں مشرق سے مغرب کی لکیر میں واقع پہاڑیوں کو واپس حاصل کرنے کے لیے ایک ناکام حملہ کیا۔ شیمن ڈی ڈیمز کے ساتھ ساتھ موجود ان پہاڑیوں پر جرمن دو سال سے بھی زیادہ عرصے سے قابض تھے اور ان کے پاس ایک پیچیدہ زیرِ زمین دفاعی نظام موجود تھا۔ کرایون کے گاؤں کے قریب سے ونٹربرگ سرنگ شروع ہوتی اور پہاڑی کے شمالی جانب سے **300** میٹر تک چلتی اور جنوبی جانب موجود ڈھلوان پر جرمن سرنگوں کی پہلی قطار سے جا ملتی۔ یہ سرنگ فرانسیسی سپاہیوں کی نظروں سے اوجھل تھی۔

چار مئی **1917** کو فرانس نے توپ خانے کے ذریعے سرنگ کے دونوں سروں پر بمباری کی اور شمال کے رخ پر موجود ڈھلوان کو دیکھنے کے لیے ایک غبارہ ہوا میں بھیجا۔ اُن کا ایک بار نشانہ بالکل ٹھیک بارود میں مزید دھماکے ہوئے اور زہریلا دھواں سرنگ میں پھیل گیا۔ ایک اور گولے کے پھٹنے سے خارجی دہانہ بند ہو گیا۔ اندر **111** ریزرو رجمنٹ کی دسویں اور گیارہویں کمپنیوں کے سپاہی موجود تھے۔ اگلے چھ دنوں میں جب آکسیجن آہستہ آہستہ ختم ہو رہی تھی تو کچھ کا دم گھٹ گیا، تو کچھ نے خودکشی کر لی۔ کچھ نے دوسروں سے کہا کہ انھیں مار دیا جائے۔ چار مئی **1917** کو فرانس نے توپ خانے کے ذریعے سرنگ کے دونوں سروں پر بمباری کی اور شمال کے رخ پر موجود ڈھلوان کو دیکھنے کے لیے ایک غبارہ ہوا میں بھیجا۔ اُن کا ایک بار نشانہ بالکل ٹھیک بیٹھا۔ بحریہ کی توپ کا ایک گولہ داخلی دہانے پر گرا جس سے وہاں پر ذخیرہ کیے گئے بارود میں مزید دھماکے ہوئے اور زہریلا دھواں سرنگ میں پھیل گیا۔ ایک اور گولے کے پھٹنے سے خارجی دہانہ بند ہو گیا۔ اندر **111** ریزرو رجمنٹ کی دسویں اور گیارہویں کمپنیوں کے سپاہی موجود تھے۔ اگلے چھ دنوں میں جب آکسیجن آہستہ آہستہ ختم ہو رہی تھی تو کچھ کا دم گھٹ گیا، تو کچھ نے خودکشی کر لی۔ کچھ نے دوسروں سے کہا کہ انھیں مار دیا جائے۔

اب یہ قسمت ہے کہ تین افراد اتنے دن زندہ رہ گئے کہ انھیں امدادی کارکنوں نے یہ پہاڑی فرانس کے قبضے میں جانے سے صرف ایک دن قبل بچا لیا تھا۔ اُن میں سے ایک شخص کارل فشر نے آنکھوں دیکھا حال یوں بیان کیا:

"ہر کوئی پانی مانگ رہا تھا مگر یہ بے فائدہ تھا۔ موت یہاں کھڑی ہنس رہی تھی اور موت دہانے پر بھی پہرہ دیے کھڑی تھی، سو کوئی نہیں بھاگ سکتا تھا۔ کچھ لوگ مدد کے لیے چلا رہے تھے تو کچھ پانی کے لیے۔ ایک ساتھی میرے ساتھ زمین پر پڑا ہوا تھا اور اس نے ٹوٹتی ہوئی آواز میں کسی سے کہا کہ وہ اس کی پستول اس کے لیے لوڈ کر دے۔" جب فرانس نے پہاڑی پر قبضہ حاصل کیا تو باہر کے مناظر غیر معمولی تباہی اور افراتفری کے ہوں گے۔ سرنگ کی کھدائی کرنا ترجیح نہیں ہوگی اس لیے انھوں نے اسے چھوڑ دیا۔ جرمنز نے شیمن ڈے ڈیمز کو بعد میں دوبارہ حاصل کر لیا مگر اس وقت اُن کے پاس بھی باقیات کی تلاش کے لیے وقت نہیں ہوگا۔

جنگ کے اختتام تک کسی کو یقینی طور پر ونٹربرگ سرنگ کا محلِ وقوع معلوم نہیں تھا۔ چونکہ اس سرنگ کے اندر فرانسیسی لاشیں نہیں تھیں، اس لیے فیصلہ کیا گیا کہ انھیں پڑے رہنے دیا جائے جیسے کہ آج بھی مغربی محاذ پر لاتعداد لاشیں اپنی دریافت کی منتظر ہیں۔ درخت دوبارہ اُگ آئے اور گولوں سے بننے والے گہرے گڑھے صرف معمولی ناہمواری کے طور پر رہ گئے۔ آج یہ جگہ کتے گھمانے کے لیے پسندیدہ ہے۔ مگر ایک مقامی شخص ایلین میلینا ؤسکی اس سرنگ کا خیال جھٹک نہیں سکے۔ انھیں یقین تھا کہ یہ اس پہاڑی پر ہی کہیں ہے۔ پیرس میٹرو پر **1990** کی دہائی میں کام کرتے ہوئے وہ روزانہ دارالحکومت جایا کرتے اور اپنا فارغ وقت شیٹو ڈے وانسین میں فوجی ریکارڈز کھنگالتے رہتے۔ پندرہ سال تک انھوں نے اس جگہ کے بارے میں تفصیلات، نقشے اور قیدیوں سے کی گئی تفتیش اکٹھی کی مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ اس پوری جگہ کی ہیئت بمباری سے اس قدر متاثر ہوئی تھی کہ اُس دور کی دستاویزات اور آج کی صورتحال کے درمیان کوئی معنی خیز موازنہ نہیں کیا جا سکتا تھا۔

پھر سنہ **2009** میں اُن کے ہاتھ ایک موجودہ دور کا نقشہ لگا جس میں نہ صرف سرنگ دکھائی گئی تھی بلکہ دو راستوں کا ملاپ بھی نظر آ رہا تھا جو اب تک بچ گیا تھا۔ انتہائی احتیاط کے ساتھ انھوں نے زاویے اور فاصلے کا حساب لگایا اور اس مقام پر پہنچ گئے جو کہ اب جنگل کا ایک بے نام حصہ ہے۔ ایلین میلینا ؤسکی نے لی موندے کو بتایا "میں نے اسے محسوس کیا۔ مجھے معلوم تھا کہ میں قریب ہوں۔ میں جانتا تھا کہ سرنگ کہیں میرے قدموں کے نیچے ہی ہے۔" اگلے دس سال تک پھر کچھ بھی نہیں

پیئر مالینوسکی نے اس کھودے گئے حصے کو چھپا دیا، اور بالکل ایسی حالات میں چھوڑ دیا جیسا ان کو ملا تھا اور ایک بار پھر وہ حکام کے پاس گئے۔ لیکن جب مزید دس مہینے گزرنے کے بعد بھی ان کی شنوائی نہیں ہوئی، تو وہ لے موند اخبار کے پاس گئے اور انھیں پوری کہانی سنائی۔ یہ کہنا درست ہوگا کہ پیئر مالینوسکی کو آثارِ قدیمہ اور تاریخی مقامات کی تلاش کرنے والوں میں زیادہ پسند نہیں کیا جاتا۔ ان لوگوں کا سمجھنا ہے کہ نہ صرف پیئر مالینوسکی نے قانون توڑا، بلکہ انھوں نے اس نکتے کی بھی خلاف ورزی کی ہے کہ مردوں کو نہیں چھیڑا جائے اور اپنے اقدامات سے انھوں نے حکومت کو مجبور کیا کہ وہ اس کے لیے کوئی قدم اٹھائے اور اس سے بھی زیادہ بری بات یہ تھی کہ انھوں نے ان لوگوں کے لیے مثال قائم کی ہے جو اس نوعیت کے کام اکیلے کرنا چاہتے ہیں لیکن ان کی نیت میں فتور ہوتا ہے۔ اس تفتیش کی غرض سے حکام کا ہچکچانا واضح ہے۔ جرمن وار گریوز کمیشن کی ترجمان ڈائمین ٹیمپل بارنیٹ نے جرمن ریڈیو کو بتایا: "سچ کہوں تو ہم اس دریافت پر بہت خوش نہیں ہیں۔ بلکہ ہم اسے بدقسمتی سمجھتے ہیں۔" یاد رہے کہ جرمنی میں پہلی جنگِ عظیم کو "بھولی ہوئی جنگ" سمجھا جاتا ہے۔

تاہم اب اس سرنگ میں مرنے والوں کے لواحقین کی تلاش کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ سوئس ایلپس کے باڈن خطے میں اس وقت **111** رجیمنٹ کے جوان متعین تھے اور **1917** میں چار اور پانچ مئی کو اس حادثے میں ہلاک ہونے والوں میں سے نو فوجیوں کی شناخت ہو چکی ہے۔ عظیم جنگوں کے بارے میں تحقیق کرنے والے مارک ہیئرنارٹ کہتے ہیں کہ "اگر میں کسی ایک بھی خاندان کو ان کے آباواجداد سے ملوا سکوں جو اس سرنگ میں ہلاک ہوئے تھے، وہ میرے لیے بہت ہوگا۔ میں چاہتا ہوں کہ وہ اس سرنگ سے باہر نکلیں اور انھیں باعزت طور پر دفن کیا جائے اور ان تمام ساتھیوں کو، کامریڈز کو ایک ساتھ دفن کیا جائے۔" جب **1973** میں اسی طرح کے ایک واقعے میں ریمز کے علاقے مونٹ کورنیلیٹ میں چار سو سے زیادہ جرمن فوجیوں کی باقیات دریافت ہوئی تھی تو انھیں ایسے ہی ایک ساتھ دفنایا گیا تھا۔ پیئر مالینوسکی بھی کہتے ہیں کہ ان فوجیوں کو اعزاز ملنے چاہیے۔ "ان لوگوں میں سے کوئی کسان تھا، کوئی حجام تھا، کوئی بینک کلرک تھا، لیکن وہ سب اپنی مرضی سے جنگ لڑنے آئے، اور ایسے ختم ہوئے جس کا ہم تصور بھی نہیں کر سکتے۔" انھوں نے انسانی باقیات کے وقار اور عزت کا پوری طرح حساس ہے اور ان لاشوں کی انھوں نے تصویر لینے سے منع کیا ہوا ہے۔ "ان لاشوں کو اسی طرح احتیاط سے ہیں جیسے مصر میں ممیوں کو رکھا جاتا ہے۔ یاد رکھیں، اس سرنگ میں فوجی اپنے دن اور رات گزارتے تھے، اور ان کے روزمرہ کے استعمال کا سارا سامان وہیں ہے۔ ہر فوجی کی ایک کہانی ہوگی۔ یہ پہلی جنگِ عظیم میں مرنے والوں کی سب سے بڑی باقیات ہوں گی۔" جب **1973** میں اسی طرح کے ایک واقعے میں ریمز کے علاقے مونٹ کورنیلیٹ میں چار سو سے زیادہ جرمن فوجیوں کی باقیات دریافت ہوئی تھی تو انھیں ایسے ہی ایک ساتھ دفنایا گیا تھا۔ پیئر مالینوسکی بھی کہتے ہیں کہ ان فوجیوں کو اعزاز ملنے چاہیے۔ "ان لوگوں میں سے کوئی کسان تھا، کوئی حجام تھا، کوئی بینک کلرک تھا، لیکن وہ سب اپنی مرضی سے جنگ لڑنے آئے، اور ایسے ختم ہوئے جس کا ہم تصور بھی نہیں کر سکتے۔" انھوں نے انسانی باقیات کے وقار اور عزت کا پوری طرح حساس ہے اور ان لاشوں کی انھوں نے تصویر لینے سے منع کیا ہوا ہے۔ "ان لاشوں کو اسی طرح احتیاط سے ہیں جیسے مصر میں ممیوں کو رکھا جاتا ہے۔ یاد رکھیں، اس سرنگ میں فوجی اپنے دن اور رات گزارتے تھے، اور ان کے روزمرہ کے استعمال کا سارا سامان وہیں ہے۔ ہر فوجی کی ایک کہانی ہوگی۔ یہ پہلی جنگِ عظیم میں مرنے والوں کی سب سے بڑی باقیات ہوں گی۔"

باقیات

101

پاکستان کے سابق وزیر اعظم اور سابق صدر ذوالفقار علی بھٹو نے بھارت کے خلاف ایک ہزار سالہ جنگ کا اعلان کیا۔ پونے کی ایک یونیورسٹی میں ایک لیکچر دیتے ہوئے جنرل چوہان نے کہا کہ انہوں نے نوٹ کیا کہ پاکستانی فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر کے حالیہ تبصرے "ان کی یاد تازہ کر رہے ہیں جو پہلے ذوالفقار علی بھٹو کے بھارت کے خلاف پروپیگنڈہ کرتے تھے۔ چوہان نے مزید کہا کہ پاکستان کے آرمی جنرل عاصم منیر نے پہلگام میں مہلک دہشت گردانہ حملے سے چند دن پہلے "ہندوستان کے خلاف زہر اگل دیا، جس میں 26 شہری مارے گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور- بھارت کے انسداد دہشت گردی آپریشن کے پیچھے سوچ کی جڑ اس سمجھ میں ہے کہ "پاکستان سے ریاستی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کو روکنا ہوگا۔ چوہان نے پہلگام میں ہونے والے قتل عام کو دہشت گردی کی ایک گہری پریشان کن کارروائی قرار دیا، جس میں متاثرین کو ان کے اہل خانہ کے سامنے مارا گیا۔ پہلگام میں جو کچھ ہوا وہ متاثرین کے ساتھ بہت بڑا ظلم تھا کیونکہ ان سب کو ان کے خاندانوں اور ان کے بچوں کے سامنے سر میں گولیاں مار کر قتل کیا گیا تھا اور انہیں مذہب کے نام پر گولی ماردی گئی تھی۔۔ جو اس جدید دنیا کے لیے ناقابل قبول ہے۔ سی ڈی ایس نے مزید کہا، "اس سے معاشرے میں ایک بہت بڑی بغاوت ہوئی، ایک طرح کی نفرت تھی۔ اس نے یادیں تازہ کردیں کیونکہ یہ ہندوستان کے خلاف دہشت گردی کی کوئی ایک کارروائی نہیں تھی۔ مغربی ممالک نے ایک یا دو دہشت گردی کی کارروائیاں کی ہوں گی ۔۔ ہندوستان سب سے زیادہ دہشت گردی کی کارروائیوں کا شکار رہا ہے، تقریباً 20,000 لوگ مارے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ اپریل 22 میں بائسرن پہلگام میں دہشت گردوں کے حملے میں 26 سیاح ہلاک ہوئے تھے جس کے بعد بھارت نے آپریشن سندور کے تحت پاکستانی سرزمین پر دہشت گردی کے ٹھکانوں کو نشانہ بناکر قریب 150 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا تھا۔

102

آئی جی پی جموں؛ دویک گپتا، آئی جی پی ریلوے؛ ایم سلیمان چودھری، آئی جی پی ٹریفک؛ جموں، کٹھوعہ، سانبہ، ریاسی اور ادھم پور کے ڈپٹی کمشنران اور ایس ایس پیز اور سول اور پولیس انتظامیہ کے سینئر افسران نے شرکت کی ۔ اس دوران لیفٹنٹ گورنر نے تیاریوں کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا اور لوگوں سے اپیل کی کہ وہ بڑی تعداد میں شرکت کریں اور لانچ ایونٹ کو یادگار بنائیں۔ اس دوران لیفٹنٹ گورنر نے زور دیا ہے کہ ادھم پور سرینگر بارہمولہ ریل لنک، ایک 272 کلومیٹر کا میگا پروجیکٹ ہے جو وادی کشمیر کو کنیا کماری سے جوڑنے والا ہندوستان کا سب سے پرجوش منصوبہ ہے۔ ریل لنک وادی سے سال بھر کے رابطے کو یقینی بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم دنیا کے بلند ترین ریلوے پل چناب پل کو قوم کے نام وقف کریں گے۔ انجینئرنگ کا یہ معجزہ 359 میٹر پر دنیا کا بلند ترین ریلوے آرچ پل ہے۔ منوج سنہا نے مزید کہا کہ یہ 2047 تک ترقی یافتہ ملک بننے کے راستے پر دوبارہ سر اٹھانے والے ہندوستان کی علامت ہے۔

103

کہ یاترا کے لیے تمام تیاریاں مکمل ہیں۔ سیکورٹی انتظامات کو بھی حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں ملک بھر کے عقیدت مندوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ آئیں اور بابا برفانی کا آشیرواد لیں۔ اسے پہلے جیشٹھا اشٹمی کے مبارک موقع پر، جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے منگل کو ضلع گاندربل کے تلمولہ میں واقع تاریخی ماتا کھیر بھوانی مندر کا دورہ کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے مندر میں پوجا کی اور امن، خوشحالی، خوشی اور تمام شہریوں کی بھلائی کیلئے دعائیں مانگیں۔ اپنے دورے کے دوران، لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہانے عقیدت مندوں کیساتھ بات چیت کی اور مندر میں جمع ہونے والے کشمیری پنڈت برادری اور دیگر لوگوں کیلئے اس دن کی روحانی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے، اپنی گرمجوشی سے مبارکباد دی۔

104

ہندوستانی کہانی ہے۔ ہم کیوں خلفشار یا جنگ چاہتے ہیں؟ یہ ہم نہیں ہیں جو جنگ اور تنازعہ چاہتے ہیں، یہ سب دوسری طرف سے آتا ہے۔'' انہوں نے کہا'' ہم چاہتے ہیں کہ دنیا سمجھے کہ ہم نے یہ اقدام کیوں کیا کیونکہ ہمارے پاس کوئی چارہ نہیں تھا۔ آپ (پاکستان) ہمیں تنہا چھوڑ دیں، ہم آپ کو تنہا چھوڑ دیں گے، لیکن اگر آپ نے ہمیں دہشت گردی سے نقصان پہنچایا تو ہم آپ کو ایسا ہی جواب دیں گے''۔ تھرور نے مزید کہا ''ہم اپنی ہندوستانی فضائیہ، فوج اور بحریہ کا استعمال کریں گے۔ ہم ان کی جگہوں کو نشانہ بنائیں گے، اس لیے انہیں سمجھنا چاہیے۔ سب سے بہتر یہ ہے کہ اسے روکا جائے، پاکستان میں دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے کو ختم کیا جائے اور مجرموں کو گرفتار کیا جائے۔ لیکن وہ ایسا نہیں کرتے، کیونکہ بدقسمتی سے، یہی ملک پاکستان بن گیا ہے۔'' آل پارٹی وفد کے رہنما اور کانگریس کے رکن پارلیمنٹ ششی تھرور نے پاکستان کو آئی ایم ایف کے بیل آؤٹ پیکیج پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اگر آئی ایم ایف کسی ایسے ملک کے لیے فنڈس جاری کرتا ہے جو اسے ترقیاتی مقاصد کے لیے استعمال کرتا ہے تو ہندوستان کو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ تھرور نے تاہم بین الاقوامی مالیاتی فنڈ پر اپنی ناراضگی کا اظہار کیا کہ وہ پاکستان کو اس طرح سے قابل بناتا ہے کیونکہ وہ ان فنڈز کو ہندوستان پر حملہ کرنے کے لیے خود کو مسلح کرنے کے لیے منتقل کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا'' ہم کسی بھی ملک کی ترقی پر شکوہ نہیں کرتے اگر یہ رقم لوگوں کو غربت سے نکالنے یا ترقیاتی مسائل سے نمٹنے میں صحیح معنوں میں خرچ کی جائے تو ہم کیوں اعتراض کریں گے؟ ہم انسان ہیں، ہم کسی بھی ملک کے غریب ترین غریب کی ہر طرح کی بھلائی پر یقین رکھتے ہیں لیکن اگر یہ رقم پاکستان کو زیادہ وسائل کو دہشت گردی کی حمایت کی طرف موڑنے کے قابل بناتی ہے، اور مجھے امید ہے کہ وہ خود کو غیر مسلح کرنے کے لیے ہم پر حملہ آور ہو گا''۔ تو ہندوستان کو کوئی مسئلہ نہیں ہے تو ہندوستان کو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ تھرور نے تاہم بین الاقوامی مالیاتی فنڈ پر اپنی ناراضگی کا اظہار کیا کہ وہ پاکستان کو اس طرح سے قابل بناتا ہے کیونکہ وہ ان فنڈز کو ہندوستان پر حملہ کرنے کے لیے خود کو مسلح کرنے کے لیے منتقل کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا'' ہم کسی بھی ملک کی ترقی پر شکوہ نہیں کرتے اگر یہ رقم لوگوں کو غربت سے نکالنے یا ترقیاتی مسائل سے نمٹنے میں صحیح معنوں میں خرچ کی جائے تو ہم کیوں اعتراض کریں گے؟ ہم انسان ہیں، ہم کسی بھی ملک کے غریب ترین غریب کی ہر طرح کی بھلائی پر یقین رکھتے ہیں لیکن اگر یہ رقم پاکستان کو زیادہ وسائل کو دہشت گردی کی حمایت کی طرف موڑنے کے قابل بناتی ہے، اور مجھے امید ہے کہ وہ خود کو غیر مسلح کرنے کے لیے ہم پر حملہ آور ہو گا''۔ تو ہندوستان کو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ تھرور نے تاہم بین الاقوامی مالیاتی فنڈ پر اپنی ناراضگی کا اظہار کیا کہ وہ پاکستان کو اس طرح سے قابل بناتا ہے کیونکہ وہ ان فنڈز کو ہندوستان پر حملہ کرنے کے لیے خود کو مسلح کرنے کے لیے منتقل کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا'' ہم کسی بھی ملک کی ترقی پر شکوہ نہیں کرتے اگر یہ رقم لوگوں کو غربت سے نکالنے یا ترقیاتی مسائل سے نمٹنے میں صحیح معنوں میں خرچ کی جائے تو ہم کیوں اعتراض کریں گے؟ ہم انسان ہیں، ہم کسی بھی ملک کے غریب ترین غریب کی ہر طرح کی بھلائی پر یقین رکھتے ہیں لیکن اگر یہ رقم پاکستان کو زیادہ وسائل کو دہشت گردی کی حمایت کی طرف موڑنے کے قابل بناتی ہے، اور مجھے امید ہے کہ وہ خود کو غیر مسلح کرنے کے لیے ہم پر حملہ آور ہوگا''۔

105

دوران کورونا سے 5 مزید مریضوں کی موت ہوگئی ہے۔ یہ اموات کیرالہ، مہاراشٹر، تمل ناڈو اور مغربی بنگال میں ہوئیں۔ تمام مریض پہلے سے مختلف بیماریوں میں مبتلا تھے۔ وزارت صحت کے مطابق اس وقت دہلی میں 393، گجرات 397، کرناٹک 311، کیرالہ 1416، مہاراشٹر 494، اترپردیش 138 تمل ناڈو 215 اور مغربی بنگال میں 372 فعال کیسز موجود ہیں۔ کیرالا میں ایک 80 سالہ مریض کی موت رپورٹ ہوئی ہے، جو نمونیا، سانس کی شدید تکلیف، ذیابیطس، بلند فشار خون اور دل کی بیماریوں میں مبتلا تھا۔ تمل ناڈو میں 69 سالہ خاتون کا انتقال ہوا، جو ٹائپ 2 ذیابیطس اور پارکنسنز کے مرض میں مبتلا تھیں۔ مغربی بنگال میں 43 سالہ خاتون کی موت ہوئی، جو دل کے شدید عارضے، سیپٹک شاک اور گردوں کی خرابی کا شکار تھیں۔ مہاراشٹر میں بھی کورونا سے دو مزید اموات ہوئیں۔ محکمہ صحت کے مطابق یہ اموات کولہاپور اور ساتارا اضلاع میں ہوئیں۔ دونوں مریض پہلے سے سنگین بیماریوں میں مبتلا تھے۔ ریاست میں رواں سال کووڈ سے ہونے والی اموات کی تعداد 10 ہوچکی ہے۔ پیر کو مہاراشٹر میں کورونا کے 59 نئے کیسز سامنے آئے، جن میں سے 20 کیسز صرف ممبئی میں رپورٹ ہوئے۔ مجموعی طور پر ریاست میں فعال کیسز کی تعداد 873 ہے، جن میں سے 483 ممبئی میں ہیں۔ تاہم، خوش آئند بات یہ ہے کہ اب تک 369 مریض صحت یاب ہو چکے ہیں۔ ماہرین کے مطابق کورونا وائرس کے نئے کیسز میں اضافے کی اہم وجہ این بی 1.8.1 سب ویریئنٹ ہے، جو اومیکرون کا نیا روپ ہے۔ انڈین کونسل آف میڈیکل ریسرچ نے تصدیق کی ہے کہ یہ ویریئنٹ تیزی سے پھیلتا ہے اور اس میں کئی جینیاتی تبدیلیاں موجود ہیں، مگر یہ عمومی طور پر ہلکی علامات پیدا کرتا ہے۔ اس ویریئنٹ کی عام علامات میں بخار، کھانسی، گلے میں خراش، جسم میں درد، سردرد، ناک بہنا، تھکن اور بھوک نہ لگنا شامل ہیں۔ ماہرین کے مطابق اس ویریئنٹ کے اثرات موسمی زکام سے ملتے جلتے ہیں، لیکن کمزور مدافعتی نظام والے افراد کے لیے یہ خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ حکام نے عوام کو احتیاط برتنے، بھیڑ بھاڑ سے بچنے اور علامات ظاہر ہونے پر فوری جانچ کرانے کا مشورہ دیا ہے۔

106

اس حوالے سے سب سے بڑی تقریب خانقاہ معلی سرینگر منعقد ہوئی جہاں ہزاروں عقیدت مند بشمول خواتین رات بھر شب خوانی میں محو رہے۔ خانقاہ میں رات بھر نعت ومنقبت، درود واذکار اور ختمات المعظمات کی محفلیں آراستہ ہوئیں۔ حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی رحمت اللہ علیہ، عرس کے سلسلہ میں خانقاہ معلی کے ساتھ ساتھ دیگر جگہوں پر بھی عقیدتمندوں کی بڑی تعداد نے شب خوانی کی جس کے نتیجے میں علاقہ کی فضائیں رات بھر روح پرور آوازوں سے گونجتی رہیں۔ منگل کو نماز فجر کے موقعہ پر خانقاہ معلی میں ہزاروں کی تعداد میں عقیدتمندوں جن میں خواتین کی بڑی تعداد بھی شامل تھی، حضرت اس دوران وادی کے مختلف علاقوں میں دن بھر لوگوں کی بھاری تعداد نے حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی رحمت اللہ علیہ کی زیارت گاہوں پر حاضری دی ۔ ادھر نمائندوں کے مطابق اس ضمن میں وادی بھر میں ان کی خانقاہوں پر چراغاں کیا جاتا ہے اور میلے لگائے جاتے ہیں۔ اس بار بھی مجموعی طور پر ان تقریبات میں عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی ۔ انہوں نے کہا کہ صوفی بزرگ حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی رحمت اللہ علیہ، جنہیں شاہ ہمدان بھی کہا جاتا ہے، کا سالانہ عرس انتہائی مذہبی جوش و جذبے اور روحانی عقیدت کے ساتھ منایا گیا، بشمول پلوامہ ضلع کے ترال اور سرینگر کے مرکز میں کشمیر کے مختلف حصوں میں ادھر ترال کے تاریخی خانقاہ فیض پناہ میں مرد، خواتین اور بچوں سمیت ہزاروں عقیدت مند خصوصی اجتماعی دعاؤں میں شرکت کے لیے جمع ہوئے۔ عینی شاہدین کے مطابق، مزار میں خاص طور پر نماز ظہر کے دوران لوگوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ ترال سب ڈویژن اور جنوبی کشمیر کے دیگر حصوں کے درجنوں دیہات کے لوگ ان کی تعزیت کے لیے اکٹھے ہوئے۔ اس موقع پر حضرت شاہ ہمدان رحمت اللہ علیہ کے مقدس آثار کو عقیدت مندوں کے سامنے پیش کیا گیا جس سے روحانی ماحول مزید گہرا ہوگیا۔ سری نگر میں، عرس کی مرکزی تقریب دریائے جہلم کے کنارے واقع مشہور خانقاہ مولا کے مزار پر منعقد ہوئی۔ وادی کے مختلف حصوں سے عقیدت مندوں نے مزار پر جمع ہوکر رات بھر کی دعاؤں میں شرکت کی۔ دوپہر کی باجماعت نماز کے دوران اجتماع میں مزید اضافہ ہوا، جہاں کشمیر میں امن اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ آستان کو روشنیوں سے خوبصورتی سے سجایا گیا تھا، اور آس پاس کا علاقہ سرگرمی سے گونج اٹھا جب دکانداروں نے اس موقع کے لیے مختلف اشیاء فروخت کرنے والے اسٹال لگائے۔ حکام نے تقریب کے ہموار انعقاد کو یقینی بناتے ہوئے گرم اور مرطوب موسم سے عقیدت مندوں کو پناہ دینے کے لیے شامیانوں کا انتظام کیا تھا۔ حضرت میر سید علی ہمدانی رحمت اللہ علیہ، ایک مشہور ایرانی نژاد صوفی اسکالر، شاعر، اور مبلغ نے 14 ویں صدی کے دوران کشمیر میں اسلام کو پھیلانے میں اہم کردار ادا کیا۔ وہ 774 ہجری (1372 عیسوی) میں 700 شاگردوں کے ساتھ وادی میں پہنچا۔ اگرچہ ان کا انتقال 1384 عیسوی میں ختلان، تاجکستان میں ہوا، لیکن ان کی میراث کشمیر کے لوگوں کے دلوں میں زندہ ہے۔ واضح رہے کہ عرس مبارک میر سید علی ہمدانیؒ کے سلسلے میں وادی بھر کی مساجد، خانقاہوں میں خصوصی تقاریب کا اہتمام کیا گیا اور وعظ وتبلیغ کا اہتمام کیا گیا۔

107

کیں۔ میلہ میں شریک مہاجر کشمیری پنڈتوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے مستقل کشمیر میں ہی رہائش پذیر ہونے کی خواہش ظاہر کی۔ راکیش کول نامی ایک مہاجر کشمیری پنڈت نے کہا کہ وہ مستقل طور پر یہاں کشمیر میں ہی رہائش پذیر اختیار کرنے کے خواہاں ہیں۔ یاد رہے کہ نوے کی دہائی کے اوائل میں جموں کشمیر میں حالات کافی ناسازگار ہوئے تھے جس دوران کشمیری پنڈتوں نے جموں سمیت دیگر مقامات کی جانب ہجرت کرنے کو ترجیح دی تھی۔ سیما کور نامی ایک اور کشمیری پنڈت لڑکی نے کہا کہ میری پیدائش یہیں پر ہوئی ہے، یہ میری جنم بھومی ہے اور میاں یہاں صرف میلے میں یا پوجا پاٹ میں شرکت کے لئے نہیں بلکہ مستقل طور پر رہائش اختیار کرنا چاہتی ہوں۔ لکشمی نامی ایک اور کشمیری پنڈت خاتون کا کہنا ہے کہ کشمیری پنڈتوں کی مستقل واپسی کے لیے ٹھوس اور سنجیدہ اقدامات اٹھائے جانے کی ضرورت ہے۔

108

ضلع کے تلہ ملاگاؤں میں کھیر بھوانی مندر میں منعقد ہوتا ہے۔ یہ مندر دیوی راگنیا دیوی کے لیے وقف ہے، جو دیوی درگا کی ایک شکل ہے، اور اسے کشمیری ہندوؤں کے لیے مقدس ترین مقامات میں سے ایک سمجھا جاتا ہے۔ فاروق عبداللہ نے پہلگام میں حالیہ دہشت گردانہ حملے کے بعد یاتریوں کی تعداد میں کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے، کٹرا میں ماتا ویشنو دیوی کے مزار پر جانے کے لیے عقیدت مندوں سے بھی اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں کٹرا میں ماتا ویشنو دیوی کے پاس جانا چاہئے اور لوگوں سے وہاں جانے کی اپیل کرنی چاہئے، ماتا ویشنو دیوی کے عقیدت مندوں کی تعداد میں کمی آئی ہے۔ فاروق عبداللہ نے کہا کہ حال ہی میں رونما ہونے والے جنگ کے سانحے کے بعد لوگ خوفزدہ ہیں۔ پہلگام واقعہ کا اثر پورے ملک میں دیکھا گیا۔ قبل ازیں عبداللہ نے سیاحوں پر زور دیا تھا کہ وہ جموں وکشمیر واپس جائیں، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ خطہ امن کا خواہاں ہے، تشدد نہیں۔ انہوں نے سیاحت پر دہشت گردانہ حملوں اور پہلگام جیسی جگہوں پر لوگوں کی روزی روٹی پر پڑنے والے منفی اثرات پر تشویش کا اظہار کیا، خاص طور پر سالانہ امرناتھ یاترا سے پہلے۔ اور لوگوں سے وہاں جانے کی اپیل کرنی چاہئے، ماتا ویشنو دیوی کے عقیدت مندوں کی تعداد میں کمی آئی ہے۔ فاروق عبداللہ نے کہا کہ حال ہی میں رونما ہونے والے جنگ کے سانحے کے بعد لوگ خوفزدہ ہیں۔ پہلگام واقعہ کا اثر پورے ملک میں دیکھا گیا۔ قبل ازیں عبداللہ نے سیاحوں پر زور دیا تھا کہ وہ جموں وکشمیر واپس جائیں، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ خطہ امن کا خواہاں ہے، تشدد نہیں۔ انہوں نے سیاحت پر دہشت گردانہ حملوں اور پہلگام جیسی جگہوں پر لوگوں کی روزی روٹی پر پڑنے والے منفی اثرات پر تشویش کا اظہار کیا، خاص طور پر سالانہ امرناتھ یاترا سے پہلے۔

109

